Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | پیر ، 2 نومبر 2026ء ، 21 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 189

پہلا ماڈرن وڈ ورکنگ سینٹر آف ایکسی لینس قائم کرنے کا فیصلہ

لاہور میں وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیرِ صدارت اجلاس ہوا، جس میں 3 سال تک مجموعی طور پر 10 لاکھ نوجوانوں کی اسکل ڈیولپمنٹ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

پنجاب میں 4 لاکھ نوجوانوں کی اسکل ٹریننگ مکمل ہوچکی ہے، جس میں 5 4 فیصد سے زائد نوجوان برسرِ روزگار ہوگئے ہیں، بریفنگ



فیصل آباد: وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے کمال پور انٹرچینج پر موٹروے ایم4 (M4) کی توسیع کے کام کا معائنہ کیا

لاہور (سی ایم لنکس) پنجاب میں پہلا ماڈرن وڈ ورکنگ سینٹر آف ایکسی لینس قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔لاہور میں وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیرِ صدارت اجلاس ہوا، جس میں 3 سال تک مجموعی طور پر 10 لاکھ نوجوانوں کی اسکل ڈیولپمنٹ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اجلاس میں بتایا گیا ہے کہ ٹیکنیکل ٹریننگ امتحانات میں آن لائن رجسٹریشن پورٹل، ڈیجیٹل امتحانی پرچے اور کیو آر کوڈ بھی ہوگا اور ڈیجیٹل (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن

175 ملزمان گرفتار، منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، 2,257 افراد کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس کی ٹیموں نے گزشتہ ہفتے کے دوران مختلف کارروائیوں میں سنگین جرائم میں ملوث 175 ملزمان کو گرفتار کیا جبکہ ان کے قبضے سے منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 4)

گلگت بلتستان میں یوم آزادی جوش و جذبے سے منایا گیا

یکم نومبر 1947 کو پاکستان سے الحاق اور ڈوگرا راج کے خاتمے کے لیے گلگت بلتستان کے عوام جنگِ آزادی میں کامیاب ہوئے تھے

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان میں یکم نومبر کو یوم آزادی قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔یکم نومبر 1947 کو پاکستان سے الحاق اور ڈوگرا راج کے خاتمے کے لیے گلگت بلتستان کے عوام جنگِ آزادی میں کامیاب ہوئے تھے۔(بقیہ نمبر 7)

شہداء کے بچوں کی تعلیم، روشن مستقبل کیلئے عملی اقدام

خیبر پختونخوا اور پاکستان سویٹ ہومز کی مشترکہ کاوش سے فخرِ شہداء سکالرشپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا، مفت تعلیم دی جائیگی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شہداء کے بچوں کی تعلیم اور روشن مستقبل کیلئے عملی اقدام اٹھایا ہے۔گورنر خیبر پختونخوا اور پاکستان سویٹ ہومز کی مشترکہ کاوش سے فخرِ شہداء سکالرشپ پروگرام کا آغاز (بقیہ نمبر 6)

ملک بھر میں تیسری ذیلی قومی انسداد پولیو مہم آج سے شروع

97 مخصوص اضلاع میں 2 کروڑ 39 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائینگے

لاہور (این این آئی) ملک بھر کے 97 مخصوص اضلاع میں تیسری ذیلی قومی انسداد پولیو مہم آج (پیر) سے شروع ہوگی۔رواں سال کی 2 سے 8 نومبر تک جاری رہے گی جس میں 2 کروڑ 39 لاکھ (بقیہ نمبر 5)

وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کا بین الاقوامی مالیاتی ڈھانچے میں اصلاحات پر زور، 3 ترجیحات کا خاکہ پیش

پاکستان نے G-24 کی سربراہی سنبھال لی

پاکستان نے ترقی پذیر معیشتوں کی اجتماعی آواز کو مضبوط بنانے اور ایک زیادہ جوابدہ، منصفانہ اور ترقی پر مبنی بین الاقوامی مالیاتی نظام کو آگے بڑھانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے

وزیر خزانہ نے سرمایہ کاری، اختراع، صنعت کاری اور عالمی نمو کے محرک کے طور پر ابھرتی اور ترقی پذیر قوموں کی بے پناہ صلاحیت کو بھی اجاگر کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ پاکستان نے G-24 کی سربراہی سنبھال لی ہے، وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ایک مضبوط، زیادہ جامع اور ترقی پر مبنی عالمی مالیاتی نظام کا مطالبہ کرتے ہوئے تین ترجیحات کا خاکہ پیش کیا اور ترقی پر مبنی شرح نمو، ترقی پذیر معیشتوں کے لیے مضبوط نمائندگی اور بین الاقوامی مالیاتی ڈھانچے میں اصلاحات پر زور دیا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے اتوار کو سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے آج ج 24 رکنی بین الحکومتی گروپ (G-24) کی سربراہی سنبھال لی ہے، پاکستان نے ترقی پذیر معیشتوں کی اجتماعی آواز کو مضبوط بنانے اور ایک زیادہ جوابدہ، منصفانہ اور ترقی پر مبنی بین الاقوامی مالیاتی نظام کو آگے بڑھانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے چیئرمین شپ کو ایک اہم ذمہ داری قرار دیتے ہوئے نئے بین الاقوامی تعاون، مضبوط کثیر الجہتی اداروں (بقیہ نمبر 18)



لاہور: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما ملک سلطان محمود نجر ملاقات کر رہے ہیں

فیکٹری میں سلنڈر دھماکے، ایک شخص جاں بحق، 8 زخمی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے گلبرگ میں بیکری آئٹمز بنانے والی فیکٹری میں گیس لیک کے باعث سلنڈر دھماکے میں ایک ورکر جاں بحق (بقیہ نمبر 9)

ریسکیو 1122 مری نے ماہ اکتوبر کی رپورٹ جاری کردی

گزشتہ ماہ (2872) متاثرین کو بروقت ایمرجنسی سروسز فراہم کی گئیں

مری (این ای این) ماہانہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ماہ (2842) ایمرجنسی کالز موصول ہوئیں اس دوران (2872) متاثرین کو بروقت ریسکیو سروسز فراہم کی گئیں، (2872) متاثرین میں سے (1331) متاثرہ افراد کو ابتدائی طبی امداد فراہم (بقیہ نمبر 8)

چیئرمین سی ڈی اے کا کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ

جاری ترقیاتی کاموں کی تازہ ترین پیش رفت کا جائزہ، صرف 22 روز میں منصوبے کا 85 فیصد کام مکمل

شہریوں کی جانب سے سی ڈی اے کی تیز رفتار ترقیاتی کاوشوں کو سراہا گیا؛ منصوبہ مقررہ 30 روزہ مدت میں مکمل کیا جائے گا



چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعمیراتی کاموں کی تازہ ترین پیش رفت کا جائزہ لیا اور منصوبے پر جاری ترقیاتی سرگرمیوں کی رفتار کا معائنہ کیا۔دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دی گئی کہ 31 اکتوبر 2026 تک صرف 22 روز میں منصوبے کا 5 8 فیصد کام (بقیہ نمبر 1)

بھارت میں اقلیتوں کیلئے زمین تنگ، حملوں میں اضافہ

ریاست بہار میں ہندو توا عناصر کا مسجد پر حملہ، نمازیوں پر تشدد، توڑ پھوڑ

نئی دہلی (اے ایف پی) بھارت میں اقلیتوں اور ان کی مذہبی عبادت گاہوں پر حملوں و تشدد کے واقعات میں اضافہ ہوگیا ہے۔انتہا پسند مودی کے اقتدار میں بھارتی مسلم اقلیت کے خلاف امتیازی اور پرتشدد جبکہ کارروائیوں میں شدت برقرار ہے ۔بھارتی (بقیہ نمبر 9)

ناراض بیوی کو منانے میں ناکامی پر ملزم کا چھریوں سے حملہ

لاہور (این این آئی) نشتر کالونی کے علاقے حاکم چوک کے قریب گھریلو تنازعہ پر ایک شخص نے اپنی بیوی اور پانچ بچوں کو چھریوں کے وار کر کے زخمی کر دیا جبکہ ملزم واردات کے بعد موقع سے فرار ہوگیا۔پولیس (بقیہ نمبر 11)

غوثپور، مسلح افراد کا دو لڑکیوں کو مبینہ طور پر اغوا کرنے کا الزام

واقعے کا مقدمہ غوثپور تھانے میں 11 ملزمان کے خلاف درج کرلیا گیا

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) غوثپور کے قریب گاؤں آچر خان ڈاہانی میں مبینہ طور پر مسلح افراد گھر میں داخل ہو کر اہل خانہ کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنانے کے بعد دو لڑکیوں کو اغوا کر کے فرار ہوگئے واقعے کا مقدمہ غوثپور تھانے میں 11 ملزمان کے خلاف درج کرلیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق گاؤں آچر خان ڈاہانی دیہہ نصیر کے رہائشی بشیر احمد ڈاہانی نے پولیس کو دی گئی درخواست میں مؤقف اختیار کیا ہے کہ ڈاہانی برادری سے تعلق رکھنے (بقیہ نمبر 12)

غوثپور شہر میں مبینہ بدامنی کے واقعات نے میں اضافہ، شہری پریشان

تین نامعلوم خواتین کی مبینہ واردات اہل خانہ کو یرغمال بنا کر ایک لاکھ روپے سے زائد نقدی، سونے کے زیورات اور قیمتی دستاویزات لے کر فرار

متاثرہ استاد نانک رام ماروا ڑی کے خاندان کی دہائی ایس ایس پی کشمور سے نوٹس لینے، ملزمان کا سراغ لگانے اور لوٹا گیا سامان برآمد کرانے کی اپیل

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) غوثپور شہر میں مبینہ بدامنی کے واقعات نے ایک بار پھر شہریوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے شہر کے سید محلے میں تین نامعلوم خواتین مبینہ طور پر استاد نانک رام ماروا ڑی کے گھر میں داخل ہوئیں اور گھر کے افراد کو یرغمال بنا کر الماری میں رکھی ایک لاکھ روپے سے زائد نقد رقم، سونے کے زیورات اور اہم دستاویزات لے کر فرار ہوگئیں واقعے کے بعد متاثرہ خاندان میں (بقیہ نمبر 2)



لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم آفریدی کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کر رہے ہیں

04 افراد گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 04 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 04 افراد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ وارث خان، صادق آباد اور کلر سیداں کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا (بقیہ نمبر 19)



لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران گرجا گھروں کی سکیورٹی کا جائزہ لے رہے ہیں

یمنی فوج کا حوثی ملیشیا کے خلاف آپریشن فجرِ الیمن جاری

تازہ کارروائی میں 427 جنگجو مارے گئے، 142 فوجی گاڑیاں تباہ

صنعا: (اے ایف پی) یمنی فوج کا حوثی ملیشیا کے خلاف آپریشن فجرِ الیمن جاری ہے، تازہ کارروائی میں 427 جنگجو ہلاک ہوگئے۔یمنی مسلح افواج نے آپریشن فجرِ الیمن کے تحت حوثی ملیشیا کے خلاف بڑی کارروائیوں کا دعویٰ کیا ہے ۔افواج کے بیان میں (بقیہ نمبر 28)

سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کی عمارت سے سرویلنس ڈرون ٹکرا گیا

بعد ازاں بم ڈسپوزل سکواڈ نے ڈرون کے معائنے کے بعد کلیئرنس دی

لاہور (اے ایف پی) لاہور میں کاؤنٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کے ہیڈ کوارٹرز کی عمارت سے سرویلنس ڈرون ٹکرا گیا۔پولیس کے مطابق یہ واقعہ گزشتہ شب 12 بج کر 30 منٹ پر پیش آیا، جس سے سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز میں خوف و ہراس پھیل گیا، سرویلنس ڈرون جلو موڑ کی طرف سے سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کی جانب آیا۔حکام نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 20)

کھاد اور گندم سے لدے 2 بحری جہازوں کی آمد

دونوں بحری جہازوں کو ترجیحی بنیادوں پر برتھ فراہم کی گئی، ترجمان

کراچی (اے ایف پی) کراچی پورٹ پر کھاد اور گندم سے لدے 2 بحری جہاز پہنچ گئے، دونوں بحری جہازوں کو ترجیحی بنیادوں پر برتھ فراہم کی گئی۔ترجمان کراچی پورٹ کے مطابق بندرگاہ پر 1 لاکھ 1 ہزار ٹن درآمدی کارگو ہینڈل کیا گیا، جس میں 50 ہزار ٹن ڈی (بقیہ نمبر 21)



لاہور: کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ لاہور میں ہنرمند کھڈی پر قالین تیار کر رہے ہیں

ایف بی آر کو 129 ارب کے ٹیکس شارٹ فال کا سامنا

جولائی تا اکتوبر ایف بی آر کی ٹیکس وصولیاں 4 ہزار 88 ارب 20 کروڑ روپے رہیں

اسلام آباد (اے ایف بی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ، جولائی سے اکتوبر کے دوران 129 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ذرائع کے مطابق جولائی تا اکتوبر ایف بی آر کی ٹیکس وصولیاں (بقیہ نمبر 22)

گھریلو گیس کنکشن پر غیر معینہ مدت تک پابندی

رواں ماہ سے کمرشل تندور ہوٹل سمیت دیگر کنکشن بھی بند کر دیئے گئے ہیں

لاہور: (اے ایف بی) سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر غیر معینہ مدت تک پابندی بڑھا دی۔ذرائع کے مطابق رواں ماہ سے کمرشل تندور ہوٹل سمیت دیگر کنکشن بھی بند کر دیئے گئے ہیں جبکہ ہزاروں صارفین ارجنٹ فیس جمع کرانے کے باوجود کنکشن (بقیہ نمبر 23)

ایل پی جی ایسوسی ایشنز کا 16 نومبر سے ملک گیر ہڑتال کا اعلان

قیمتوں کے تعین کے نئے فارمولے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ 16 نومبر سے ایل پی جی کی فروخت بند کر دی جائے گی

ایل پی جی کی نئی فی کلوگرام قیمت 294 روپے مقرر کی گئی ہے، جس کا اطلاق یکم نومبر سے ہوگیا ہے، اوگرا

کراچی (اے ایف بی) مائع پٹرولیم گیس (ایل پی جی) ایسوسی ایشنز نے 16 نومبر سے ملک گیر ہڑتال کا اعلان کر دیا۔ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین علی حیدر نے حکومت کی جانب سے قیمتوں کے تعین کے نئے فارمولے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ 16 نومبر سے ایل پی جی کی فروخت بند کر دی جائے گی۔ان کا کہنا تھا کہ تمام ایسوسی ایشنز کے ہنگامی اجلاس میں حکومتی فارمولے (بقیہ نمبر 27)

خواتین کو بلیک میل اور ہراساں کرنیوالے 3 ملزمان گرفتار

ایجنسی نے تینوں ملزمان کے موبائل فونز تحویل میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی

لاہور: (اے ایف پی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے خواتین کو بلیک میل اور ہراساں کرنے کے الزام میں 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔این سی سی آئی اے نے لاہور کے علاقے انجینئرنگ ٹاؤن سے عارف والا کے رہائشی ایک ملزم کو گرفتار کیا۔دوسرا ملزم ملتان کی خاتون کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل کر کے ان کی ساکھ متاثر کرنے کے الزام میں لاہور سے گرفتار کیا گیا کارروائی کے دوران وہاڑی کی ایک (بقیہ نمبر 25)

قومی ایئر لائن کا پہلا بوئنگ 9-787 ڈریم لائنر طیارہ پاکستان پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی ایئر لائن کا پہلا بوئنگ 9-787 ڈریم لائنر طیارہ پاکستان پہنچ گیا۔لیز پر حاصل کردہ جدید ترین ڈریم لائنر لندن سے پرواز پی کے 786 کے طور پر اسلام آباد پہنچا۔ یہ طیارہ پاکستان کی کسی بھی ایئر لائن کے فضائی بیڑے میں (بقیہ نمبر 26)

گرین بس سروس کے مجوزہ روٹس پر تحفظات کا اظہار

گرین بس سروس کے مجوزہ روٹس میں 30 ہزار سے زائد آبادی کا حامل قصبہ ڈنڈوت نظر انداز، راجہ اسد رضا جنجوعہ ایڈووکیٹ

ڈنڈوت کو محض لنک روڈ کی بنیاد پر سفری سہولت سے محروم رکھنا عوام کے ساتھ ناانصافی ہے، مجوزہ روٹس میں قصبے کو فوری شامل کیا جائے، ارباب اختیار سے مطالبہ



سلستھ روڈ آدھی سڑک سے زیادہ پر محیط موٹر سائیکل پارکنگ جو کہ ٹریفک کی روانی میں خلل کا باعث بنتی ہے

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآسیدن شاہ سے چکوال، کلر کہار، پڈھ اور بشارت کے لیے گرین بس سروس کے مجوزہ روٹس اور اسٹاپس کی تفصیلات سامنے آنے پر راجہ اسد رضا جنجوعہ ایڈووکیٹ نے قصبہ ڈنڈوت کو منصوبے میں شامل نہ کیے جانے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ 30 ہزار سے زائد آبادی پر مشتمل قصبہ ڈنڈوت کو محض اس بنیاد پر نظر انداز کرنا کہ وہاں جانے کے لیے لنک روڈ موجود ہے، مقامی آبادی کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہے ۔ ان کا کہنا (بقیہ نمبر 24)

نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، ملک اسد اکرم کچھیلا ایڈووکیٹ



اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی سے عوام کو دہلیز پر بنیادی سہولیات میسر آئیں گی، مسلم لیگ (ن) تحصیل صدر

تمام سیاسی جماعتیں اور آئینی ماہرین اتفاقِ رائے سے سنجیدہ قومی مکالمے کا آغاز کریں

سرگودہا (طارق قاسمی سے) تحصیل صدر مسلم لیگ ن سرگودہا ملک اسد اکرم کچھیلا ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے عوام کو ان کی دہلیز پر انتظامی و بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا اشد ضرورت ہے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پاکستان میں بڑھتی ہوئی آبادی انتظامی ضروریات اور عوامی مسائل کے پیش نظر نئے صوبوں کا (بقیہ نمبر 13)

راولپنڈی، سینئر افسران کا چوچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر سینئر افسران نے چوچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کیا، ایس پی بوٹھوہار، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران نے فیلڈ میں موجود رہ کر سیکیورٹی انتظامات کی نگرانی کی۔(بقیہ نمبر 14)

بھارتی پنجاب اسمبلی کا کرتار پور راہداری کھولنے کا مطالبہ

قرارداد وزیر تعلیم ہرجوت سنگھ بینس نے پیش کی، مطالبہ متفقہ طور پر منظور

چندی گڑھ (اے ایف بی) بھارتی پنجاب اسمبلی نے کرتار پور راہداری فوری کھولنے کا مطالبہ کر دیا۔ بھارتی پنجاب اسمبلی نے کرتار پور راہداری فوری کھولنے کے مطالبے پر متفقہ قرارداد منظور کر لی، قرارداد وزیر تعلیم ہرجوت سنگھ بینس نے پیش کی۔ بھارتی پنجاب کے (بقیہ نمبر 15)

چوری اور ڈکیتی گینگ کے پانچ ملزمان گرفتار، موٹر سائیکل، بکریاں اور رقم برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے تین گینگز کے 5 ملزمان گرفتار کر کے 7 مسروقہ موٹر سائیکل، 3 بکریاں اور رقم برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق کوٹھہ پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 4 (بقیہ نمبر 16)



راولپنڈی، ہملٹن روڈ سیوریج لائن اور توسیع کا کام کے باعث ایک مزدور کندھے پر بوری لادے اپنی روڈ سے گزر رہا ہے

گوجر خان معاون تعلیمی افسر کیخلاف پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی

اظہارِ وجوہ کا نوٹس جاری، اسکول کی مبینہ غیر قانونی تنزلی، خاتون افسر کو نامناسب واٹس ایپ پیغامات بھیجنے کا الزام

برطرفی سمیت ممکنہ تادیبی سزاؤں پر وضاحت طلب، 7 نومبر کو چیف ایگزیکٹو آفیسر کے روبرو ذاتی سماعت مقرر

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان کے معاون تعلیمی افسر ضیاء الحسن کے خلاف اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال اور دفتری بدانتظامی کے الزامات پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ضلعی تعلیمی اتھارٹی راولپنڈی محمد یاسین خان نے پنجاب ملازمین کی کارکردگی، نظم و ضبط اور احتساب کے قانون 2006 کے تحت اظہار وجوہ اور ذاتی سماعت کا نوٹس جاری کر دیا ہے۔ 29 اکتوبر 2026 کو جاری ہونے والے نوٹس کے مطابق ضلعی تعلیمی افسر سیکنڈری راولپنڈی کی رپورٹ کی روشنی میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ متعلقہ افسر نے مبینہ طور پر اختیارات سے تجاوز (بقیہ نمبر 17)



لاہور: فلاحی تنظیم برگد کے زیر اہتمام یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور میں کلائمیٹ گالا 2026 میں مبارک آفتاب گل اور دیگر شریک ہیں

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

غذائی قلت

وفاقی وزارتِ صحت کے مطابق ملک میں پانچ سال سے کم عمر 40 فیصد سے زائد بچے سٹنٹنگ جبکہ تقریباً 18 فیصد بچے ویسٹنگ کا شکار ہیں۔ دوسری جانب نصف سے زائد نو عمر لڑکے اور لڑکیاں مختلف غذائی اجزا کی کمی کا سامنا کر رہے ہیں۔ یہ صورتحال اس امر کی متقاضی ہے کہ غذائی قلت کے مسئلے کو خطرے کی گھنٹی سمجھا جائے اور اس کیلئے مناسب اقدامات کیے جائیں۔ بچپن میں غذائی کمی کا ازالہ عمر بھر نہیں ہوتا۔ مناسب غذا نہ ملنے سے بچوں کی جسمانی اور ذہنی نشوونما متاثر ہوتی ہے' سیکھنے اور سمجھنے کی صلاحیت محدود ہو جاتی ہے اور تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ یہی بچے عملی زندگی میں کم پیداواری صلاحیت کے باعث بہتر روزگار اور معاشی مواقع سے محروم رہ سکتے ہیں۔
نتیجتاً قومی معیشت کو ہنرمند اور صحت مند افرادی قوت کی کمی' صحت کے بڑھتے ہوئے اخراجات اور مجموعی پیداواری صلاحیت میں کمی کی صورت میں بھاری نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ اس بحران کی بنیادی وجوہ میں غربت' بے روزگاری' مہنگائی اور معیاری خوراک تک محدود رسائی نمایاں ہیں۔ مہنگائی اور عوام کی گرتی ہوئی قوتِ خرید نے کم آمدن والے خاندانوں کیلئے بچوں کو متوازن اور غذائیت سے بھرپور خوراک فراہم کرنا مشکل بنا دیا ہے۔ اس صورتحال پر قابو پانے کیلئے عوام کی قوتِ خرید میں اضافہ اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں استحکام ناگزیر ہے۔



شکیل احمد
سیکرٹری جنرل پی ایف یو جے

طاقت کا بدلتا عالمی توازن اور پاکستان کا کردار

ایران امریکہ اسرائیل جاری جنگی کشیدگی کے باعث پاکستان کی سفارت کاری دفاعی صلاحیت اور علاقائی اہمیت ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں جبکہ اس وقت جنوبی ایشیا میں خطے کی روز بروز تبدیل ہوتی صورتحال کے پیش نظر ایران، امریکا، اسرائیل، ترکیہ اور سعودی عرب کی کشیدگی کے ساتھ ساتھ پاکستان کے موجودہ عالمی ثالثی کے کردار کو انتہائی اہمیت حاصل ہو چکی ہے چونکہ دنیا اس وقت ایک ایسے خطرناک دوراہے پر کھڑی ہے جہاں ایک غلط فیصلہ پوری دنیا کو جنگ کی آگ میں دھکیل سکتا ہے مشرق وسطیٰ میں امریکا اور اسرائیل کی ایران کے ساتھ کشیدگی خلیجی ممالک کی سلامتی کو لاحق خطرات بحیرۂ احمر اور آبنائے ہرمز میں بڑھتی ہوئی بے چینی اور عالمی معیشت پر پڑنے والے اثرات نے بین الاقوامی سیاست کو ایک نئے بحران سے دوچار کر دیا ہے ایسے میں پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان قائم ہونے والا مکہ دفاعی اتحاد محض تین ممالک کا دفاعی معاہدہ نہیں بلکہ خطے میں طاقت کے توازن اجتماعی سلامتی اور جنگ کے خطرات کو روکنے کی ایک اہم پیشرفت بن کر سامنے آیا ہے ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان کا حالیہ بیان اس اتحاد کی بڑھتی ہوئی اہمیت کا واضح اشارہ ہے انہوں نے بھارتی ذرائع ابلاغ کی جانب سے مکہ دفاعی اتحاد کے خلاف چلائی جانے والی مہم کو نئی دہلی کے خدشات کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان بڑھتا ہوا اسٹریٹجک تعاون بھارت کو بے چین کر رہا ہے ان کے مطابق تنقید اور غلط معلومات کے ذریعے اس اتحاد کی اہمیت ختم نہیں کی جا سکتی درحقیقت یہ بیان اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ میں نئے دفاعی اور سفارتی تعلقات عالمی طاقتوں کی توجہ حاصل کر رہے ہیں بھارت اگر خطے میں اپنی برتری کے تصور کو برقرار رکھنا چاہتا ہے تو اسے بدلتے ہوئے علاقائی حقائق کو بھی تسلیم کرنا ہوگا۔ ادھر مکہ دفاعی اتحاد کے قیام نے پاکستان کو ایک نئی سفارتی اور دفاعی ذمہ داری سے بھی روشناس کرایا ہے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب نے اگست 2026 میں مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے جس کا بنیادی مقصد ایک دوسرے کی سلامتی خود مختاری اور علاقائی استحکام کا تحفظ ہے اس معاہدے کے تحت کسی ایک رکن ملک پر مسلح حملے کو تمام رکن ممالک پر حملہ تصور کرنے کا اصول طے کیا گیا ہے اس اتحاد کا مقصد کسی ملک کے خلاف جارحیت نہیں بلکہ اجتماعی دفاع اور جنگ کے امکانات کی روک تھام ہونا چاہیے ۔ یہی فرق ایک ذمہ دار دفاعی اتحاد اور جارحانہ عسکری صف بندی کے درمیان بنیادی اہمیت رکھتا ہے ادھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی دھمکیوں کے بعد ایران کی طرف سے بھی سخت ردعمل سامنے آیا ہے ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے واضح کیا ہے کہ اگر امریکا اور اسرائیل نے دوبارہ فوجی یا دہشت گرد حملے کیے تو ایرانی مسلح افواج اور قوم جواب دینے کے وقت اور طریقہ کار کا خود تعین کریں گے دوسری طرف امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ نے ایران پر نئے حملوں کے حوالے سے تاحال کوئی فیصلہ نہیں کیا ایرانی مذاکرات کاروں کی دوحہ میں قطری ثالثوں سے ملاقاتیں اور سفارتی رابطے اس بات کا ثبوت ہیں کہ جنگ کے خدشات کے باوجود مذاکرات کے دروازے مکمل طور پر بند نہیں ہوئے تاہم تہران اور واشنگٹن کے درمیان اعتماد کا فقدان کسی بھی پیشرفت میں بڑی رکاوٹ ہے ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی کا یہ بیان بھی غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے کہ اگر جنگ دوبارہ شروع ہوئی تو ایران اپنے جوہری ہتھیاروں سے متعلق دیرینہ پالیسی پر نظر ثانی کے امکان پر غور کر سکتا ہے اگرچہ ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا یہ محض ایک سیاسی بیان نہیں بلکہ عالمی امن کے لیے ایک سنگین انتباہ ہے اگر مشرق وسطیٰ میں جوہری ہتھیاروں کی دوڑ شروع ہوتی ہے تو اس کے اثرات کسی ایک ملک یا خطے تک محدود نہیں رہیں گے سعودی عرب کی فضائی حدود میں دشمن ڈرون کی تباہی اور خلیجی تنصیبات کو لاحق خطرات بھی واضح کرتے ہیں کہ کشیدگی اب صرف بیانات تک محدود نہیں رہی اس تمام صورتحال میں پاکستان کا کردار خصوصی اہمیت اختیار کر گیا ہے 26 اکتوبر کو تہران میں پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور ایران کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی شرکت اس بات کا اظہار ہے کہ پاکستان محض حالات کا تماشائی نہیں بلکہ علاقائی کشیدگی کم کرنے کے سفارتی عمل میں براہ راست شریک ہے ۔ سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان اور ترکیہ کے انٹیلی جنس سربراہ ابراہیم قالن کی موجودگی میں ہونے والی اس ملاقات میں چاروں ممالک نے علاقائی امن اور سلامتی کے لیے رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا پاکستان کی جانب سے مختلف فریقوں کے ساتھ رابطے اور مفاہمت کی کوششیں اسے ایک اہم سفارتی کردار فراہم کر رہی ہیں فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی عسکری سفارت کاری بھی اس وقت عالمی توجہ کا مرکز ہے ان کی تہران میں اعلیٰ سطحی ملاقاتیں ظاہر کرتی ہیں کہ پاکستان کے عسکری ادارے علاقائی سلامتی کے معاملات میں براہ راست سفارتی رابطوں کا حصہ ہیں جنوبی ایشیا میں بھارت اور پاکستان کے درمیان کشیدگی طاقت کے توازن اور بیرونی قوتوں کے بڑھتے ہوئے اثرات کے تناظر میں پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی دفاعی صلاحیت کے ساتھ سفارتی حکمت عملی کو بھی مضبوط رکھے خطے میں کسی بھی ملک کو یکطرفہ بالادستی قائم کرنے کی کوشش کے بجائے تمام ریاستوں کی خود مختاری اور سلامتی کا احترام کرنا ہوگا پاکستان کے لیے اصل کامیابی یہی ہوگی کہ وہ تصادم کو روکنے اور مذاکرات کو آگے بڑھانے میں اپنا کردار مؤثر بنائے لیکن سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان عالمی سطح پر امن اور استحکام کی کوششیں کرتے ہوئے اپنے اندرونی مسائل کو نظر انداز کر سکتا ہے؟ اس کا جواب ہرگز نہیں پاکستان کو اس وقت معاشی بحران قرضوں کے بوجھ مہنگائی بے روزگاری توانائی کے مسائل اور سیاسی عدم استحکام جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافہ تجارتی راستوں کی بندش اور جنگی حالات پاکستان جیسی معیشت کو براہ راست متاثر کر سکتے ہیں اس لیے علاقائی امن پاکستان کی محض سفارتی ضرورت نہیں بلکہ اس کی معاشی بقا اور عوامی ریلیف سے بھی جڑا ہوا معاملہ ہے اب وقت آ گیا ہے کہ ملک کی تمام سیاسی جماعتیں، جمہوری قوتیں مذہبی قیادت اور ریاستی ادارے اپنے اختلافات کو قومی مفاد کے تابع رکھیں حکومت اور فوج کے درمیان قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کے معاملات میں مؤثر ہم آہنگی ضروری ہے مگر اس کے ساتھ سیاسی مکالمہ جمہوری اداروں کی مضبوطی آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کا تحفظ بھی ناگزیر ہے اختلاف رائے کو دشمنی اور سیاسی مخالفت کو قومی کمزوری میں تبدیل کرنے کا سلسلہ بند ہونا چاہیے قومیں اندرونی انتشار کے ساتھ بیرونی چیلنجز کا مقابلہ نہیں کر سکتیں پاکستان کو یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ عالمی سطح پر ملنے والی اہمیت اسی وقت دیرپا کامیابی میں تبدیل ہو سکتی ہے جب اس کے ثمرات عام شہری تک پہنچیں سفارتی کامیابی کا پیمانہ صرف عالمی اجلاسوں میں شرکت یا دفاعی معاہدوں پر دستخط نہیں بلکہ ملک میں امن معاشی استحکام سرمایہ کاری روزگار اور عوامی خوشحالی بھی ہے مکہ دفاعی اتحاد کو جنگ کے بجائے امن دفاع کے بجائے جارحیت کی روک تھام اور طاقت کے بجائے ذمہ دارانہ سفارت کاری کی علامت بنانا ہوگا۔
آج پاکستان کے سامنے ایک تاریخی موقع بھی ہے اور ایک بڑا امتحان بھی دنیا کو جنگ سے بچانے ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کی گنجائش پیدا کرنے سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ تعاون بڑھانے اور جنوبی ایشیا میں طاقت کا متوازن ماحول قائم رکھنے میں پاکستان اپنا کردار ادا کر سکتا ہے مگر اس کے لیے قومی یکجہتی سیاسی بلوغت اور مستقل مزاج سفارت کاری ضروری ہے اگر ہم نے اپنے اندرونی اختلافات کم کر کے قومی مفاد کو ترجیح دی تو پاکستان کی عالمی اہمیت محض وقتی سفارتی پیشرفت نہیں رہے گی بلکہ ایک مستحکم خود مختار اور باوقار مستقبل کی بنیاد بن سکتی ہے جو ہماری آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے موجودہ تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں اور اسٹیبلشمنٹ کا احسان عظیم ہوگا۔

Lungs of Islamabad

جویریہ صدیقی

اگر مارگلہ کی پہاڑیاں اسلام آباد کا قلب ہیں تو ایف نائن پارک اس کے پھیپھڑے ہیں۔ تقریباً 750 ایکڑ پر پھیلا یہ وسیع پارک شہر کے وسط میں واقع ہے۔ عوام کیلئے تفریح گاہ ہونے کے ساتھ یہ جانوروں' پرندوں' حشرات اور نباتات کا مسکن بھی ہے ۔ اس کا افتتاح 1992ء میں ہوا اور مقصد اسلام آباد کے گرین کور کو تحفظ دینا تھا۔ پارک کے پانچ گیٹ ہیں جن میں مہران گیٹ جی نائن' بولان گیٹ ایف ٹین' خیبر گیٹ ای نائن اور راوی گیٹ ایف ایٹ کی طرف واقع ہیں جبکہ گیٹ نمبر پانچ پارک کے مشرقی جانب راوی گیٹ کے قریب ہی ہے ۔ اس پارک کا دوسرا نام فاطمہ جناح پارک ہے ۔ یہاں بچوں کا پارک' بارہ دری' جم' سوئمنگ پول' ریستوران اور آرٹ گیلری بھی موجود ہیں ۔ کورونا کے دوران یہاں شہر کا سب سے بڑا ویکسی نیشن سنٹر قائم کیا گیا تھا۔ اس لیے اس پارک میں اب مزید تعمیرات کی کوئی گنجائش نہیں بلکہ یہاں گھاس کی باقاعدہ کٹائی' واکنگ ٹریکس کی مرمت' اضافی لائٹس اور سی ٹی وی کیمرے' بہتر صفائی' بچوں کے پارک میں نئے جھولوں' ورزش کے مقامات' صاف ستھرے باتھ رومز اور پینے کے پانی جیسی سہولتیں درکار ہیں۔ یہ کافی شاپس یا ڈائننگ کی جگہ نہیں بلکہ فطرت سے لطف اندوز ہونے کا مقام ہے جہاں لوگ دوڑ لگا سکیں' واک کریں' کرکٹ کھیلیں' پرندے دیکھیں اور فوٹوگرافی کریں۔ میں نے یہاں پھولوں' تتلیوں' پرندوں' درختوں اور غروب آفتاب کی کئی تصاویر بنائی ہیں۔ یہاں بیٹھ کر آسمان دیکھنا' گہری سانسیں لینا اور پودوں' پھولوں اور پرندوں سے لطف اندوز ہونا ذہنی سکون دیتا ہے۔ اسلام آباد کے متوسط طبقے کیلئے یہ پارک خاص اہمیت رکھتا ہے ۔ ہر کوئی گالف کلب' مہنگے جم یا پانچ ستارہ ہوٹلوں کا خرچ برداشت نہیں کر سکتا' نہ ہی سب کی مہنگے سینما گھروں' مالز' فٹ بال یا کرکٹ کلبوں تک رسائی ہے ۔ پکنک' واک' دوستوں اور اہلِ خانہ کے ساتھ وقت گزارنے یا شادی کے فوٹوشوٹ کیلئے ایف نائن پارک ایک ایسی عوامی جگہ ہے جہاں داخلے کیلئے پاس یا فیس درکار نہیں۔
2024ء میں اس پارک میں بڑے پیمانے پر درخت کاٹے گئے ۔ شہریوں کے اعتراض پر کہا گیا کہ صرف وہ درخت کاٹے گئے ہیں جو پولن الرجی پھیلا رہے تھے ۔ بعد ازاں شہر کے دیگر حصوں میں بھی بڑے پیمانے پر 'شجر کشی' کی گئی۔ ورلڈ وائلڈ فنڈ فار نیچر کے مطابق شکر پڑیاں' فاطمہ جناح پارک' پارک روڈ اور ایچ ایٹ میں تعمیرات اور سڑکوں کیلئے درخت کاٹے گئے ۔ صرف ایچ ایٹ سیکٹر میں پانچ ایکڑ جنگل ختم کیا گیا' اور اس میں صرف پولن پیدا کرنے والے ہی نہیں بلکہ ہر طرح کے درخت شامل تھے ۔ اس سے اسلام آباد کے ماحول پر شدید اثر پڑا اور آلودگی بڑھی۔ ڈبلیو ڈبلیو ایف کے مطابق مارگلہ انکلیو کی سڑک کیلئے دس سے پندرہ ہیکٹر سبزہ ختم کیا گیا' جبکہ ایچ ایٹ میں دو سال کے دوران 1.5 سے 6.5 ہیکٹر تک سبزہ ختم ہوا۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ نئے پودے لگانے کیلئے کوئی خاص اقدامات نہیں کیے گئے ۔ اب حکومت نے عندیہ دیا ہے کہ ایف نائن پارک میں نئی تعمیرات کی جائیں گی تاہم کوئی درخت نہیں کاٹا جائے گا۔ اگر یہاں نئی تعمیرات' مصنوعی جھیل اور کافی شاپس بنائی جائیں تو درختوں اور قدرتی ماحول کو نقصان پہنچائے بغیر یہ کیسے ممکن ہے؟ میں سمجھتی ہوں کہ ایف نائن پارک کو جیسا ہے' ویسا ہی رہنے دینا چاہیے ۔ اس کے 750 ایکڑ پر پھیلے جنگل نما ماحول میں بارش کا پانی زمین میں جذب ہو کر زیرِ زمین پانی کی سطح بلند کرنے میں مدد دیتا ہے جبکہ یہاں پیدا ہونے والی آکسیجن شہری مفت استعمال کرتے ہیں' اسی لیے اسے اسلام آباد کے پھیپھڑے کہا جاتا ہے ۔ یہ زمین خالی یا فالتو نہیں! یہ ان شہریوں کی تفریح گاہ ہے جو مہنگے کلبوں' گالف کلبوں اور مالز کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے ۔ اس پارک میں طوطے' کوئل' چڑیا' مینا' کبوتر' باز' چیل' کوے' بٹیر' ہدہد' ووڈ پیکر' سن برڈ اور دیگر پرندے پائے جاتے ہیں جبکہ سرد ممالک سے ہجرت کر کے آنے والے پرندے بھی یہاں آتے ہیں۔ یہاں پائے جانے والے جانوروں میں جنگلی سور' لومڑی' بندر' سانپ' گلہریاں' بلیاں' گیدڑ' خرگوش اور کتے شامل ہیں۔ تتلیاں' شہد کی مکھیاں' بیٹل' گراس ہاپر' لیڈی برڈ' بھڑیں' مکڑیاں' چیونٹیاں اور دیگر حشرات بھی یہاں موجود ہیں۔ یہ سب ایکو سسٹم اور ماحولیاتی توازن کیلئے ضروری ہیں۔ پارک میں پھول' پودے' جھاڑیاں' بیلیں اور مختلف درخت ہیں جن میں پائن' پیپل' کچنار' املتاس' بکائن' بلیک بورڈ ٹری' پیپر ملبری' دھریک' انجیر' نیم' کیکر' چنار' سفیدہ' سنبل' مورنگا' ربڑ پلانٹ' آلوش اور سرو شامل ہیں۔ بوگن ویلیا کی بڑی بڑی بیلوں کے علاوہ گلاب اور چنبیلی بھی بکثرت پائے جاتے ہیں۔
موسمیاتی تبدیلیاں اس وقت دنیا کا بڑا چیلنج ہیں۔ کرۂ ارض کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے' گلیشیئرز پگھلنے سے سیلاب آ رہے ہیں اور ہم ہر ایک دو سال بعد سیلاب کا سامنا کرتے ہیں۔ ایسے حالات میں گرین کور کو ختم کر کے کافی شاپس یا عمارتیں بنانا درست ہوگا؟ اسلام آباد میں آلودگی اب اتنی بڑھ گئی ہے کہ ماحولیاتی ماہرین کی طرف سے شہریوں کو کھڑکیاں بند رکھنے' الرجی یا دمے کے مریضوں کو ماسک پہننے اور ایئر پیوریفائر چلانے کا مشورہ دیا جا رہا ہے ۔ آلودگی کے حوالے سے ملتان' پشاور' لاہور' فیصل آباد اور گوجرانوالہ بھی قابلِ ذکر ہیں۔ اسلام آباد میں ایف سیون' ای الیون اور ایف ایٹ آلودگی سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں شامل ہیں۔ شہر کا موسمیاتی توازن حد سے زیادہ تعمیرات کے باعث ہی بگڑا ہے ؛ گرمی شدید' سردیاں مختصر اور بارشیں کم ہو گئی ہیں' مگر اشرافیہ اب بھی کنکریٹ اور سیمنٹ سے آگے دیکھنے کو تیار نہیں۔ اگر ایف نائن پارک کیلئے کچھ کرنا ہے تو وہاں پھلدار درخت لگائے جائیں تاکہ شہری ان کے پھل مفت توڑ کر کھا سکیں۔ پائن' کچنار' زیتون' انجیر' مالٹا' بیر' لوکاٹ' آڑو' میٹھا' فالسہ' لیموں' جامن' شہتوت' گل نیلم' دیودار اور چیڑ کے علاوہ پیپل' برگد' شیشم' گل مہر اور نیم جیسے درخت لگائے جائیں۔ ورنہ دیسی درخت صرف کتابوں میں ہی رہ جائیں گے ۔ یہ درخت گرمی برداشت کرتے اور کم پانی استعمال کرتے ہیں۔ انگور کی بیلیں بھی لگائی جا سکتی ہیں۔ شہریوں کو بھی اپنے گھروں میں پودے لگانے چاہئیں۔ گھروں میں جگہ کم ہو تو املتاس' گل مہر' کچنار' امرود' مالٹا اور لیموں لگائے جا سکتے ہیں۔ اگر حکومت آمدنی بڑھانا چاہتی ہے تو پارک میں نئی تعمیرات کے بجائے پہلے سے موجود عمارتیں استعمال کرے۔ پارک کو سرسبز رہنے دیا جائے اور مزید درخت نہ کاٹے جائیں۔ شہر میں سفیدہ' پیپر ملبری' جنگلی توت' کونوکارپس اور پام لگانے سے گریز کیا جائے۔ اگر ایف نائن پارک کا حال بھی ایچ ایٹ' شکر پڑیاں اور راول ڈیم جیسا ہو گیا تو اس کے سنگین نتائج ہوں گے۔
ایف نائن پارک اسلام آباد کا سب سے بڑا کاربن سنک ہے۔ جنگل کاٹنے سے زیرِ زمین پانی ختم ہونے کا خطرہ ہے' کیونکہ پارک بارش کا پانی جذب کرتا ہے۔ جی نائن' ایف ایٹ اور ایف ٹین میں زیرِ زمین پانی کی سطح پہلے ہی سینکڑوں فٹ نیچے جا چکی ہے ۔ درخت کٹنے سے پرندے' جانور' حشرات وغیرہ یہاں سے رخصت ہو جائیں گے' جس سے مقامی ایکولوجی تباہ ہوگی۔ گرمی مزید بڑھے گی' درخت کٹنے سے فطری تنوع بھی متاثر ہوگا۔ درخت کم ہوں گے تو پولن الرجی' دمہ اور پھیپھڑوں کے امراض میں مزید اضافہ ہوگا۔ اگر شہری سانس لینا چاہتے ہیں تو اسلام آباد کے پھیپھڑوں کا تحفظ ضروری ہے ۔ چیڑ کا درخت بالغ ہونے میں پچاس سال لیتا ہے جبکہ اسے کاٹنے میں صرف ایک گھنٹہ لگتا ہے۔ چیڑ کے درخت اسلام آباد کا درجہ حرارت کم رکھنے کیلئے بہت اہم ہیں۔ شہر میں اب تعمیرات کا سلسلہ روک کر اس کے گرین کور کو بچایا جانا چاہیے۔

شوبز SHOWBIZ

فی الحال شادی کا کوئی ارادہ نہیں، اداکارہ جھانوی کپور

میں اپنی نجی زندگی کو زیادہ نمایاں نہیں کرنا چاہتی، تاہم اپنے تعلقات کو مسلسل چھپانا بھی ضروری نہیں سمجھتی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ جھانوی کپور نے پہلی بار شیکھر پہاڑیا کے ساتھ اپنے تعلقات اور شادی کے منصوبوں سے متعلق کھل کر بات کی ہے۔ بھارتی شو کافی ود کرن کے نویں سیزن میں اداکارہ نے شیکھر پہاڑیا کے ساتھ اپنے تعلق کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی نجی زندگی کو زیادہ نمایاں نہیں کرنا چاہتیں، تاہم اپنے تعلقات کو مسلسل چھپانا بھی ضروری نہیں سمجھتیں۔ شادی سے متعلق سوال پر اداکارہ نے واضح کیا کہ فی الحال ان کا شادی کرنے کا کوئی ارادہ نہیں اور وہ کم از کم اگلے دو سے تین سال تک شادی نہیں کریں گی۔ اداکارہ نے بتایا کہ 2018 میں والدہ سری دیوی کے انتقال کے بعد شیکھر نے ان کا بھرپور ساتھ دیا تھا اور لندن میں اپنی تعلیم ادھوری چھوڑ کر ممبئی واپس آ گئے تھے۔ جھانوی کے مطابق وہ اور شیکھر نوجوانی سے ایک دوسرے کو جانتے ہیں۔

کینیڈا میں استاد نصرت فتح علی خان کو شاندار خراج عقیدت

میگھا، شاہد علی خان کی قوالی نائٹ میں خوبصورت پرفارمنس، شرکاء جھومتے رہے



لاہور (این این آئی) پاکستان کے لیجنڈ گلوکار استاد نصرت فتح علی خان کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے کینیڈا کے گلیکسی گرینڈ کنونشن سنٹر میں قوالی نائٹ کا اہتمام کیا گیا، معروف قوال شاہد علی خان کی جانب سے منعقدہ محفل میں میگھا اور شاہد علی خان نے اپنی دلکش اور یادگار پرفارمنس کے ذریعے استاد نصرت فتح علی خان کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا جس پر شرکاء جھومتے رہے۔ میگھا اور شاہد علی خان نے کہا کہ استاد نصرت فتح علی خان جیسے لیجنڈ گلوکار کو خراج عقیدت پیش کرنا ہمارے لئے فخر کا باعث ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کینیڈا میں اردو اور پنجابی زبان سمجھنے والے حلقوں میں ہماری پرفارمنس سے قبل ہی خوب چرچے تھے جس کی وجہ سے ہمیں بڑا حوصلہ ملا ہے۔ کینیڈا کے مختلف شہروں میں پرفارمنس پیش کریں گے جس کیلئے اوورسیز پاکستانی خصوصاً اردو اور پنجابی زبان سمجھنے والے شائقین انتہائی پرجوش ہیں۔ دونوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی پرفارمنس کے ذریعے پاکستان کی ثقافت، موسیقی اور فن کا خوبصورت رنگ بیرون ملک متعارف کرواتے رہیں گے۔

عمران ہاشمی کا گھر بھی ملزمان کی ریکی فہرست میں شامل ہونے کا انکشاف


ممبئی کرائم برانچ اس معاملے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے، تحقیقات میں انکشاف



نئی دہلی (این این آئی) بھارتی اداکار ٹائیگر شروف کی رہائش گاہ پر فائرنگ کے واقعے کی تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ ملزمان نے ممبئی کے علاقے باندرہ میں اداکار عمران ہاشمی کی رہائش گاہ کا بھی سراغ لگانے کی منصوبہ بندی کی تھی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ملزمان نے عمران ہاشمی کے گھر کی ریکی کرنے کا منصوبہ بنایا، تاہم وہ درست مقام تلاش کرنے میں ناکام رہے، ممبئی کرائم برانچ اس معاملے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔ تحقیقاتی حکام کو شبہ ہے کہ گروہ کے مختلف ارکان کو الگ الگ ذمے داریاں سونپی گئی تھیں، جن میں مقامات کی نشاندہی اور اسلحے کا انتظام شامل تھا۔ رپورٹ کے مطابق کنال نامی شخص نے مبینہ طور پر بھارتی ریاست پنجاب کے شہر امرتسر سے اسلحہ فراہم کرنے کا انتظام کیا تھا۔ تحقیقات میں رادھا اور بیتا نامی 2 خواتین کی نقل و حرکت کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے، جو مبینہ طور پر 15 اکتوبر کو ممبئی پہنچی تھیں۔ وردا ور ایسٹ کے ایک گیسٹ ہاؤس میں انہوں نے قیام کیا تھا، مبینہ حملہ آور ریحان نے ان خواتین سے اسلحہ حاصل کیا، جس کے بعد وہ 18 اکتوبر کو دہلی روانہ ہو گئیں۔ پولیس خواتین کے موبائل فونز کے ڈیٹا کا جائزہ لے رہی ہے تاکہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا انہوں نے دیگر معروف شخصیات سے متعلق مقامات کا بھی دورہ کیا تھا اور وہاں سے حاصل کردہ معلومات ملزمان کے ساتھ شیئر کی گئی تھیں یا نہیں۔ تحقیقات کے دوران ہوٹلوں میں کمرے بک کرانے کے لیے مبینہ طور پر جعلی آدھار کارڈز، فرضی ناموں اور جعلی دستخطوں کے استعمال کا معاملہ بھی سامنے آیا ہے،

شاہ رخ خان آج اپنی 61ویں سالگرہ منائیں گے

سپر اسٹار اس بار سالگرہ اپنی رہائش گاہ منت میں نہیں بلکہ لندن میں منائیں گے



ممبئی (این این آئی) بولی ووڈ کے سپر اسٹار شاہ رخ خان کی سالگرہ ہر سال ان کے مداحوں کے لیے کسی تہوار سے کم نہیں ہوتی، جب ہزاروں کی تعداد میں لوگ اپنے پسندیدہ اداکار کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے ان کی رہائش گاہ منت کے باہر یا ممبئی میں منعقد کی جانے والی خاص تقاریب میں جمع ہوتے ہیں۔ تاہم اس بار یہ روایت برقرار رہنا مشکل دکھائی دے رہا ہے۔ اداکار شاہ رخ خان (آج) 2 نومبر کو اپنی 61ویں سالگرہ منائیں گے، تاہم اطلاعات کے مطابق وہ اس موقع پر ممبئی میں موجود نہیں ہوں گے اور مداحوں سے روایتی ملاقات بھی نہیں کر سکیں گے۔ شاہ رخ خان ان دنوں فلم ''کنگ'' کی شوٹنگ میں مصروف ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہ رخ خان اپنی نئی فلم کنگ کی شوٹنگ کے سلسلے میں لندن میں ہوں گے، جہاں ان کی سالگرہ کے دن ایک گانے کی شوٹنگ طے کی گئی ہے۔ اس سے قبل وہ ممبئی میں بھی اداکارہ دپیکا پڈوکون کے ساتھ ایک گانے کی شوٹنگ مکمل کر چکے ہیں اور اب ٹیم کے ساتھ اگلے شیڈول کے لیے بیرون ملک روانہ ہو رہے ہیں۔ گزشتہ دو سالوں سے شاہ رخ خان اپنی رہائش گاہ منت پر مرمتی کام کی وجہ سے بالکونی سے مداحوں کا سامنا نہیں کر پا رہے تھے، بلکہ ان کی جگہ ممبئی کے ایک ہال میں خاص پرستاروں کے لیے ایک تقریب سجائی جاتی تھی جہاں وہ مداحوں سے گفتگو کرتے اور ان کے سوالات کے جوابات دیتے تھے۔ اس سال بیرون ملک شوٹنگ کی مصروفیات کی وجہ سے یہ سلسلہ بھی معطل رہے گا۔

پراجیکٹ کے سلسلے میں بیرون ملک جاؤں گا، ببرک شاہ

تماشہ سیزن فائیو کے بعد شوبز مصروفیات دوبارہ شروع کر دی، خصوصی گفتگو



لاہور (این این آئی) نامور اداکار اور تماشہ سیزن فائیو کے فاتح ببرک شاہ نے کہا ہے کہ وہ ایک پراجیکٹ کے سلسلے میں بیرون ملک جا رہے ہیں تاہم مستقل بنیادوں پر بیرون ملک منتقل ہونے کا کوئی ارادہ نہیں۔ ''این این آئی'' سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ تماشہ سیزن فائیو میں شرکت کے باعث شوبز مصروفیات میں کچھ تعطل آ گیا تھا تاہم اب مختلف ہدایتکاروں نے دوبارہ رابطے شروع کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد اپنے نئے پراجیکٹس پر کام شروع کریں گے۔ ببرک شاہ نے بتایا کہ انہوں نے امریکہ کے ویزے کے لیے بھی درخواست دے رکھی ہے جبکہ یورپی ممالک کا دورہ بھی ان کے شیڈول میں شامل ہے۔ بیرون ملک سفر کا مقصد پیشہ ورانہ مصروفیات اور نئے مواقع سے فائدہ اٹھانا ہے تاہم میری توجہ پاکستان میں اپنے شوبز کیریئر کو جاری رکھنے پر مرکوز ہے۔

آزاد کشمیر کے پرفضا مقامات پر فلم ''پشمینہ'' کی شوٹنگ جاری



لاہور (این این آئی) آزاد کشمیر کے خوبصورت علاقوں میں پروڈیوسر صفدر ملک اور ہدایتکار شہزاد رفیق کی نئی فلم ''پشمینہ'' کی شوٹنگ جاری ہے جس میں نامور اداکار رشان اور اداکارہ سخاوت ناز سمیت دیگر فنکار حصہ لے رہے ہیں۔ اداکارہ سخاوت ناز نے بتایا کہ وہ فلم کی عکس بندی میں شرکت کیلئے طویل اور پرخطر راستوں کا سفر طے کر کے 18 گھنٹے بعد آزاد کشمیر پہنچے۔ انہوں نے بتایا کہ فلم کی شوٹنگ کا موجودہ سپیل 4 نومبر تک جاری رہے گا۔ پروڈیوسر صفدر ملک اور ہدایتکار شہزاد رفیق فلم کو منفرد انداز میں پیش کرنے کیلئے مختلف خوبصورت مقامات پر عکس بندی کر رہے ہیں۔

سپورٹس SPORTS

پریشر تھا، تحمل سے کھیلا، اس لیے فتح ملی، عرفات منہاس

فائنل جیتنے کی بے حد خوشی ہے، ہمیشہ کہتا ہوں میں آل راؤنڈر ہوں، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستانی آل راؤنڈر عرفات منہاس نے کہا ہے کہ پریشر تھا لیکن انجوائے کیا، تحمل سے کھیلا اس لیے فتح ملی۔ گزشتہ روز سری لنکا کے خلاف شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ جس طرح ٹیم کو ضرورت تھی ویسے پرفارم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پریشر تھا لیکن انجوائے کیا، تحمل سے کھیلا اس لئے فتح ملی، میں نے اور حسن نواز نے ان کے بولرز کو ٹارگٹ کیا ہوا تھا۔ عرفات منہاس نے کہا کہ فائنل جیتنے کی بے حد خوشی ہے، ہمیشہ کہتا ہوں کہ میں آل راؤنڈر ہوں۔ آل راؤنڈر نے میچ میں 10 اوورز کیے اور بغیر وکٹ لیے 64 رنز دیئے جبکہ بیٹنگ میں 31 گیندوں پر 61 رنز کی باری کھیلی۔ عرفات منہاس نے 5 میچز کی 5 اننگز میں 149 رنز اسکور کیے جبکہ 9 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی، انہیں سیریز میں شاندار پرفارمنس پر بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔



مارنس لبوشین کی مسلسل ناکامیوں کا نیا ریکارڈ، ٹیم میں جگہ خطرے میں پڑ گئی

اب شاید کسی کھلاڑی کو اتنا طویل موقع نہیں دیا جائے گا، جیسن گلیسپی

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے مایہ ناز بلے باز مارنس لبوشین جنوبی افریقا کے خلاف فیصلہ کن ٹیسٹ میں ایک بار پھر ناکام ہو گئے جس کے بعد ٹیم میں ان کی جگہ برقرار رہنے پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ اسٹیو اسمتھ گردن کی انجری کے باعث میچ سے باہر تھے تاہم لبوشین اس موقع سے فائدہ نہ اٹھا سکے اور صرف پانچ گیندوں کا سامنا کر کے بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہو گئے اس ناکامی کے ساتھ لبوشین مسلسل 48 ٹیسٹ اننگز میں سنچری بنانے میں ناکام رہنے والے آسٹریلیا کے پہلے ٹاپ فور کے بلے باز بن گئے جو ایک نیا ریکارڈ ہے۔ سابق آسٹریلوی فاسٹ بولر جیسن گلیسپی نے کہا کہ اب شاید کسی کھلاڑی کو اتنا طویل موقع نہیں دیا جائے گا۔ لبوشین نے آخری ٹیسٹ سنچری 2023 میں اولڈ ٹریفورڈ کے مقام پر بنائی تھی۔

کامران اکمل کا نیشنل کرکٹ اکیڈمی کا دورہ

عاقب جاوید نے اکیڈمی کے مختلف شعبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی



لاہور (این این آئی) سابق ٹیسٹ وکٹ کیپر کامران اکمل نے نیشنل کرکٹ اکیڈمی کا دورہ کیا، جہاں ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے انہیں اکیڈمی کے مختلف شعبوں، جاری ترقیاتی منصوبوں اور پلیئر ڈیولپمنٹ ماڈل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کامران اکمل کو این سی اے میں ہونے والے ڈیولپمنٹ ورک اور کھلاڑیوں کی تربیت کے لیے فراہم کی جانے والی جدید سہولتوں سے آگاہ کیا گیا۔ کامران اکمل نے باب وولمر انڈور اسکول میں نصب جدید بولنگ مشین کا بھی جائزہ لیا اور ایل سی سی اے گراؤنڈ میں جاری اہم ترقیاتی کاموں کو سراہا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کامران اکمل نے کہا کہ انہیں یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ اب کام انتہائی پروفیشنل انداز میں ہو رہا ہے اور اس کے مثبت نتائج پاکستان کرکٹ کو حاصل ہوں گے، جب نوجوان کھلاڑیوں کو اس طرح کی سہولتیں اور سازگار ماحول میسر ہوگا تو وہ یہاں سے تربیت اور صلاحیتوں میں نکھار حاصل کرنے کے بعد ریجنز اور ڈیپارٹمنٹس کی سطح پر کھیلنے کے لیے جائیں گے۔ انہوں نے اکیڈمی میں بائیو مکینکس لیب کے قیام اور ایل سی سی اے گراؤنڈ میں جدید ڈریسنگ رومز کی تعمیر کو بھی خوش آئند قرار دیا۔

ہم نے فیلڈنگ میں چند غلطیاں کیں جو شکست کی وجہ بنیں، کوشال مینڈس

سیریز کے دوران پوون رتنائیکے اور اویشکا اور کمندو مینڈس نے بہترین پرفارم کیا

لاہور (این این آئی) سری لنکن کپتان کوشال مینڈس نے سہ ملکی سیریز کے فائنل میں پاکستان کے ہاتھوں شکست پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے فیلڈنگ میں چند غلطیاں کیں، جو فائنل میں شکست کی وجہ بنیں۔ میڈیا سے گفتگو میں کوشال مینڈس نے کہا کہ ہم نے 20 سے 30 رنز کم بنائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے فیلڈنگ میں چند غلطیاں کیں جبکہ سیریز میں مجموعی طور پر اچھا پرفارم کیا۔ سری لنکن کپتان نے کہا کہ سیریز کے دوران پوون رتنائیکے اور اویشکا اور کمندو مینڈس نے بہترین پرفارم کیا۔ سری لنکن ٹیم نے پاکستان کو 326 رنز کا ہدف دیا جو پاکستان نے 10 گیندیں رہتے ہی 7 وکٹوں پر حاصل کر لیا، گرین شرٹس کی طرف سے فخر زمان نے سنچری، سعد بیگ اور عرفات منہاس نے شاندار نصف سنچریاں اسکور کیں۔



اسلام آباد: 19 ویں چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ 2026 کے تیسرے روز گالفر شارٹ لگا رہا ہے (فوٹو این این آئی)

ٹیسٹ سیریز میں جنوبی افریقہ کی آسٹریلیا کو شکست، عالمی نمبر ون بن گئی

ڈربن (این این آئی) جنوبی افریقہ نے نیوزی لینڈ میں کھیلی گئی تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے فیصلہ کن مقابلے میں آسٹریلیا کو 176 رنز سے شکست دے کر سیریز 1-2 سے اپنے نام کرنے کے بعد ٹیسٹ عالمی رینکنگ میں آسٹریلیا کو پیچھے چھوڑتے ہوئے پہلی پوزیشن بھی حاصل کر لی۔ گزشتہ روز فیصلہ کن ٹیسٹ میں جنوبی افریقی بولرز نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آسٹریلوی بیٹنگ لائن کو مکمل طور پر بے بس کر دیا۔ میزبان ٹیم کی جانب سے سپنر سائمن ہارمر نے دوسری اننگز میں کیریئر کی بہترین بولنگ کرتے ہوئے محض 16 رنز دے کر 6 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی، جبکہ فاسٹ بولر کاگیسو ربادا نے ٹیسٹ کرکٹ میں 350 وکٹیں مکمل کر کے ایک اہم عالمی ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی
تحصیلدار اور وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

کامیابی سے مکمل کرلیا گیا ہے۔ شدید بارش اور خراب موسمی حالات کے باعث دو روز تک تعمیراتی سرگرمیاں جاری نہ رکھی جا سکیں۔ تاہم اس عارضی تعطل کے باوجود منصوبے پر کام تیز رفتاری سے جاری ہے اور اسے مقررہ 30 روزہ مدت کے اندر مکمل کرلیا جائے گا۔ منصوبے پر ہونے والی نمایاں پیش رفت متعلقہ ٹیموں کی لگن، عزم اور مسلسل محنت کا مظہر ہے۔ یہ منصوبہ وفاقی دارالحکومت میں جدید انفراسٹرکچر اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے مطابق مکمل کیا جارہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے وژن اور ان کے شروع کردہ محسن اسپیڈ اقدام کے تحت ترقیاتی منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے اور اسلام آباد کے مجموعی انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ واضح رہے کہ کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا افتتاح وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کیا تھا، جبکہ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی نے اس منصوبے کو 30 روز کے اندر مکمل کرنے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ وفاقی وزیر داخلہ کے وژن کے مطابق اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت اور براہ راست نگرانی میں اس منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے تاکہ مقررہ مدت میں تکمیل کے عزم کو پورا کیا جا سکے۔ دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے متعلقہ افسران، انجینئرز اور تعمیراتی ٹیموں کو ہدایت کی کہ کام کی موجودہ رفتار برقرار رکھی جائے، دستیاب وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جائے اور باقی ماندہ کام مقررہ 30 روزہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے تعمیراتی معیار، حفاظتی انتظامات اور کام کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ شہریوں کی جانب سے سی ڈی اے کی تیز رفتار ترقیاتی کاوشوں اور کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے پر ہونے والی نمایاں پیش رفت کو بھرپور سراہا گیا ہے۔ شہریوں نے تعمیراتی سرگرمیوں کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے عوامی سہولت اور آسانی کے لیے اہم ترقیاتی منصوبوں کو کم سے کم وقت میں مکمل کرنے کے عزم کو بھی قابل تحسین قرار دیا۔ کشمیر چوک انڈر پاس سی ڈی اے کا ایک اہم بنیادی ڈھانچے کا منصوبہ ہے، جس کا مقصد ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا، ٹریفک کے دباؤ اور رش میں کمی لانا اور شہریوں کو آمدورفت کی بہتر اور ہموار سہولیات فراہم کرنا ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے روزانہ سفر کرنے والے شہریوں کو نمایاں سہولت میسر آئے گی اور اسلام آباد کے سڑکوں کے نظام کو مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ شدید بارش کے باعث دو روز تک کام معطل رہنے کے باوجود صرف 22 روز میں منصوبے کا 85 فیصد کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ سی ڈی اے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کو اعلان کردہ 30 روزہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کہا کہ سی ڈی اے اسلام آباد کو ایک مزید ترقی یافتہ، خوبصورت، صاف ستھرا، سرسبز، ماحولیاتی طور پر پائیدار اور سیاحت دوست جدید دارالحکومت بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اتھارٹی شہر کے انفراسٹرکچر کی بہتری، شہری سہولیات میں اضافے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی۔

بقیہ 2

خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ اہل محلہ کی جانب سے خواتین کا تعاقب کیے جانے کے باوجود وہ فرار ہونے میں کامیاب ہوگئیں دوسری جانب اطلاع ملنے پر غوثپور پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور متاثرہ خاندان سے واقعے کی تفصیلات معلوم کرکے تحقیقات شروع کردیں تفصیلات کے مطابق غوثپور شہر کے سید محلے میں واقع استاد نانک رام مارواڑی کے گھر میں تین نامعلوم خواتین کے داخل ہونے اور مبینہ طور پر واردات کرنے کا واقعہ پیش آیا متاثرہ خاندان کے مطابق خواتین گھر میں داخل ہوئیں اور گھر کے افراد کو یرغمال بنالیا۔ اس دوران گھر میں موجود الماری سے ایک لاکھ روپے سے زائد نقد رقم، سونے کے زیورات اور قیمتی دستاویزات نکال کر اپنے ہمراہ لے گئیں واقعے کے بعد گھر میں خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ اہل خانہ کی چیخ و پکار سن کر محلے کے افراد بھی جمع ہوگئے۔ اہل محلہ نے مبینہ طور پر فرار ہونے والی خواتین کا تعاقب کیا تاہم وہ موقع سے نکلنے میں کامیاب ہوگئیں واردات کے نتیجے میں متاثرہ خاندان کو مالی نقصان پہنچنے کے ساتھ ساتھ قیمتی دستاویزات سے محرومی کا سامنا بھی کرنا پڑا واقعے کی اطلاع ملنے پر غوثپور پولیس جائے وقوعہ پر پہنچی اور متاثرہ خاندان سے معلومات حاصل کیں پولیس کی جانب سے واقعے کی تحقیقات شروع کیے جانے کی اطلاع ہے تاہم تاحال نامعلوم خواتین کی شناخت گرفتاری یا لوٹے گئے سامان کی برآمدگی کے حوالے سے کوئی حتمی تفصیل سامنے نہیں آئی دوسری جانب متاثرہ مارواڑی خاندان کی خواتین مائی لونگان مائی کومل استاد نانک رام اور دیگر افراد نے میڈیا کے سامنے اپنی فریاد بیان کرتے ہوئے کہا کہ نامعلوم خواتین ان کے گھر سے جمع پونجی سونے کے زیورات اور قیمتی دستاویزات لے گئی ہیں متاثرہ خاندان نے خود کو غریب اور محنت کش قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے لیے یہ مالی نقصان برداشت کرنا انتہائی مشکل ہے متاثرہ خاندان نے اعلیٰ پولیس حکام سے اپیل کی کہ واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے واردات میں مبینہ طور پر ملوث خواتین کی شناخت کرکے انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور لوٹی گئی نقد رقم، سونے کے زیورات اور اہم دستاویزات برآمد کرائی جائیں تاکہ متاثرہ خاندان کو انصاف مل سکے شہری حلقوں میں بھی اس واقعے کے حوالے سے تشویش پائی جاتی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ گھروں میں داخل ہوکر اہل خانہ کو یرغمال بنانے اور قیمتی سامان لے جانے جیسے واقعات شہریوں کے تحفظ کے حوالے سے سنجیدہ سوالات پیدا کرتے ہیں شہریوں نے پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے مشتبہ سرگرمیوں کی نگرانی اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں متاثرہ خاندان کا اعلیٰ حکام سے مطالبہ تھا متاثرہ خاندان نے ایس ایس پی کشمور سے خصوصی اپیل کی ہے کہ غوثپور کے سید محلے میں پیش آنے والے اس واقعے کا نوٹس لے کر متعلقہ پولیس کو شفاف اور مؤثر تحقیقات کی ہدایت کی جائے۔ خاندان نے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث افراد کا سراغ لگا کر لوٹا گیا سامان برآمد کرایا جائے اور انہیں تحفظ فراہم کیا جائے اب دیکھنا یہ ہے کہ پولیس تحقیقات کے ذریعے نامعلوم خواتین تک پہنچتے اور متاثرہ خاندان کی جمع پونجی واپس دلانے میں کب کامیاب ہوتی ہے متاثرہ خاندان انصاف اور اپنے نقصان کے ازالے کے لیے پولیس کے اعلیٰ حکام کی توجہ کا منتظر ہے

بقیہ 3

ایگزامینیشن سسٹم سے 2 لاکھ سے 6 لاکھ امیدوار امتحانات دے سکیں گے۔ اجلاس میں ایگریکلچر اور ہیوی مشینری آپریٹر سرٹیفکیشن پروگرام شروع کرانے کی منظوری بھی دی گئی۔ بریفنگ میں کہا گیا ہے کہ الیکٹریکل، وہیکل اینڈ ڈیجیٹل مارکیٹنگ کے لیے سینٹر آف ایکسی لینس قائم کیے جائیں گے، اس کے علاوہ پہلی مرتبہ سی ایم لینگویج لرننگ پروگرام کے تحت 13 زبانوں کے کورسز بھی کرائے جائیں گے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پنجاب کے تربیت یافتہ الیکٹریشن نے ورلڈ اسکل شنگھائی مقابلوں میں چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پنجاب میں 4 لاکھ نوجوانوں کی اسکل ٹریننگ مکمل ہوچکی ہے، جس میں 45 فیصد سے زائد نوجوان برسر روزگار ہوگئے ہیں، جس میں بیشتر نے تعلیم جاری رکھنے کو ترجیح دی ہے جبکہ ٹریننگ کرکے 38 ہزار سے زائد نوجوانوں نے بیرونِ ملک ملازمت حاصل کرلی ہے۔

بقیہ 4

گرفتار ملزمان میں 90 عدالتی مفرور، مجرمان اشتہاری اور سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان شامل ہیں، جبکہ منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں مزید 85 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے 8,567 گرام آئس، 5,698 گرام چرس، 4,812 گرام ہیروئن، 33 بوتلیں شراب، چھ خنجر اور مختلف بور کے 37 پستول بمعہ ایمونیشن برآمد کیے گئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ مزید برآں، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے زونل ایس پیز کی نگرانی میں مختلف علاقوں میں 48 گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے گئے۔ ان کارروائیوں کے دوران 2,257 افراد، 987 گھروں، 281 دکانوں، 92 ہوٹلز، 1,352 موٹر سائیکلوں اور 490 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ مزید جانچ پڑتال کے لئے 52 مشکوک افراد، 131 موٹر سائیکلوں اور ایک گاڑی کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا۔

بقیہ 5

بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ پنجاب کے 13 اضلاع میں 92 لاکھ 78 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی جبکہ سندھ کے 20 اضلاع میں 68 لاکھ 83 ہزار بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ خیبر پختونخواہ کے 27 اضلاع میں 48 لاکھ 8 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی جبکہ بلوچستان کے 31 اضلاع میں 22 لاکھ 17 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اسلام آباد میں بھی 4 لاکھ 47 ہزار بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ گلگت بلتستان کے 3 اضلاع اور آزاد کشمیر کے 2 اضلاع میں بھی انسداد پولیو مہم کے دوران بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔

بقیہ 6

کردیا گیا، پروگرام کے تحت شہداء کے بچوں کو پہلی جماعت سے انٹرمیڈیٹ تک مفت تعلیم فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دفاع وطن میں شہید ہونے والے پاک فوج، پولیس، لیویز اور ایف سی اہلکاروں کے بچوں کو انٹرمیڈیٹ تک مفت تعلیم دی جائے گی، فخر شہداء سکالر شپ شہداء کے خاندانوں سے یکجہتی اور ان کی معاونت کے عزم کا عملی اظہار ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے بچوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنا اور انہیں معاشرے کا مفید شہری بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے بچوں کیلئے خصوصی کیڈٹ کالج قائم کیا جائے گا، جس کیلئے سرکاری زمین فراہم کریں گے۔

بقیہ 7

یکم نومبر 1947 کو گلگت سکاؤٹس اور مقامی جانبازوں نے ہندوستانی فوج کے خلاف دلیری اور پوری قوت سے مقابلہ کیا اور علاقے میں پاکستانی پرچم لہرایا، ایک سال کی جدوجہد کے بعد 14 اگست 1948 کو بلتستان کو بھی ہندوستان کے تسلط سے آزاد کرا لیا گیا۔ جنگِ آزادی کے دوران گلگت بلتستان کے بہادر جوانوں نے دشمن کو شکست دی اور اپنی سرزمین کو بھارتی تسلط میں جانے سے روک دیا۔ جنگِ آزادی گلگت بلتستان کے دوران لڑی جانے والی جنگیں عالمی عسکری معرکوں میں بہادری کی روشن داستانیں سمجھی جاتی ہیں۔

بقیہ 8

کرنے کے بعد ضلع مری کے مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا، (1289) متاثرہ افراد کو ریسکیو اہلکاروں نے بروقت موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد فراہم کی، جبکہ (29) افراد مختلف حادثات میں موقع پر ہی جاںبحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق (167) روڈ ٹریفک حادثات، (7) چھوٹے بڑے آگ لگنے کے واقعات، (208) بلندی سے گرنے کے واقعات، لڑائی جھگڑے کے (9) واقعات، (1979) میڈیکل ایمرجنسی ایمرجنسیز، جبکہ (236) دیگر ایمرجنسیز کے واقعات شامل تھے۔ پیشنٹ ٹرانسفر سروس کے مطابق (223) انتہائی تشویشناک مریضوں کو بحفاظت راولپنڈی اور اسلام آباد کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔

بقیہ 9

اور 8 افراد زخمی ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ دھماکہ اتنا شدید تھا کہ اس سے اردگرد کی عمارتیں لرز اٹھیں اور فیکٹری کی پہلی منزل کا کچھ حصہ منہدم ہوگیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق گوروماگنٹ روڈ گلبرگ پر واقع فیکٹری کے بیکنگ ایریا میں گیس اخراج کے باعث دھماکا ہوا اور آگ بھڑک اٹھی۔ سلنڈر دھماکہ فیکٹری کی پہلی منزل پر ہوا جہاں حادثے کے وقت تقریباً 40 سے زائد ورکرز کام کر رہے تھے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 اور پولیس کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر بروقت امدادی کارروائیاں شروع کیں اور عمارت کے متاثرہ حصے سے ملازمین کو نکالا۔

بقیہ 10

سال دو قومی انسداد پولیو مہمات اور دو سب نیشنل مہمات منعقد کی جا چکی ہیں۔ یہ مسلسل مہمات پاکستان سے پولیو وائرس کے خاتمے اور اس کی منتقلی کا سلسلہ روکنے کے لیے مرتب کردہ قومی حکمت عملی کا اہم حصہ ہیں۔ ماہرین صحت کے مطابق 2027 پاکستان میں پولیو کے خاتمے کی کوششوں کے لیے فیصلہ کن سال ثابت ہوسکتا ہے۔ اس مقصد کے لیے آئندہ سال جون تک بھی بڑے پیمانے پر انسداد پولیو مہمات منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے تاکہ بچوں میں قوت مدافعت برقرار رکھنے، ویکسین سے محروم بچوں تک رسائی اور وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کے کوآرڈینیٹر خالد پرویز کے مطابق نومبر کی انسداد پولیو مہم لاہور میں سات روز جبکہ پنجاب کے دیگر 12 اضلاع میں چار روز جاری رہے گی۔ مہم کے دوران 77 ہزار سے زائد فرنٹ لائن ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گے۔ مہم کے دوران لاہور میں 22 لاکھ 85 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ ملتان میں 10 لاکھ سے زائد اور رحیم یار خان میں 11 لاکھ 42 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کے کوآرڈینیٹر خالد پرویز نے والدین پر زور دیا کہ وہ ہر انسداد پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں، خواہ انہیں گزشتہ مہمات میں بھی ویکسین دی جا چکی ہو۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ایک لاعلاج مرض ہے جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری کا شکار بنا سکتا ہے،

بقیہ 11

کے مطابق ملزم ارشد اپنی ناراض بیوی کو منانے کے لیے سسرال گیا تھا تاہم بیوی نے اس کے ساتھ واپس جانے سے انکار کردیا۔ اس بات پر ملزم طیش میں آ گیا اور اس نے چھری سے بیوی پر حملہ کردیا۔ ماں کو بچانے کے لیے بچے درمیان میں آ گئے جس کے نتیجے میں پانچوں بچے بھی چھریوں کے وار سے زخمی ہو گئے۔ واقعے میں زخمی ہونے والی خاتون اور پانچوں بچوں کو طبی امداد کے لیے جنرل اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ارشد واقعے کے بعد فرار ہو گیا جس کی گرفتاری کے لیے کارروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ 12

والے آٹھ سے زائد مسلح افراد گزشتہ رات ان کے گھر میں داخل ہوئے اور اہلِ خانہ کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنا لیا مدعی کے مطابق ملزمان ان کی 17 سالہ بیٹی گلشن خاتون ڈاہانی اور ان کی بھتیجی فضا خاتون ڈاہانی کو مبینہ طور پر زبردستی شادی کی نیت سے اغوا کرکے فرار ہو گئے مقدمے میں مشتاق احمد فاروق دیدار احمد نیاز غفار سمیت 11 افراد کو نامزد کیا گیا ہے واقعے کے بعد متاثرہ خاندان نے ایس ایس پی کشمور سے مطالبہ کیا ہے کہ مبینہ اغوا میں ملوث ملزمان کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے دونوں لڑکیوں کو بازیاب کرایا جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تفصیلات اور لڑکیوں کی بازیابی سے متعلق پیش رفت سامنے آنے پر صورت حال واضح ہوسکے گی۔

بقیہ 13

قیام ایک اہم قومی اور انتظامی معاملہ ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی انتظامی امور میں بہتری اور عوام کو تعلیم، صحت، روزگار اور دیگر بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ بڑے صوبوں کے دور دراز علاقوں کے عوام کو اکثر اپنے جائز انتظامی اور سرکاری امور کے لیے طویل مسافت طے کرنا پڑتی ہے نئے صوبوں کے قیام سے انتظامی رسائی بہتر بنانے، علاقائی محرومیوں کے ازالے اور یکساں ترقی کے مواقع پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے انہوں نے مزید کہا کہ نئے صوبوں کا قیام کسی علاقے یا طبقے کے خلاف نہیں بلکہ عوامی فلاح، قومی یکجہتی اور متوازن ترقی کے لیے ہونا چاہیے اس اہم قومی معاملے پر تمام سیاسی جماعتوں، پارلیمانی قیادت، آئینی ماہرین اور عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لے کر اتفاق رائے پیدا کیا جائے اور پاکستان کی مضبوطی، عوام کی خوشحالی اور انتظامی بہتری کے لیے نئے صوبوں کے قیام پر سنجیدہ قومی مکالمے کا آغاز کیا جائے۔

بقیہ 14

تفصیلات کے مطابق سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر سینئر افسران کا چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ، ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سیکورٹی انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا جا رہا ہے، فول پروف سیکورٹی ہمہ وقت یقینی بنانے کے لیے راولپنڈی پولیس تمام اقدامات کر رہی ہے، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، راولپنڈی پولیس جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

بقیہ 15

وزیر اعلیٰ بھگونت مان نے بھی کرتار پور راہداری کھولنے کی قرارداد کی بھرپور حمایت کی ہے۔ قرارداد میں کہا گیا کہ مرکزی حکومت کرتار پور راہداری دوبارہ کھولنے کیلئے فوری اقدامات کرے، مرکزی حکومت زائرین کیلئے بلاتعطل رسائی یقینی بنائے، کرتار پور راہداری مذہبی ہم آہنگی اور مشترکہ ورثے کی علامت ہے سکھ یاتریوں کی سہولت کیلئے کرتار پور راہداری کھولنے اور سفری ضوابط آسان بنانے پر زور دیا گیا ہے۔

بقیہ 16

مسروقہ موٹر سائیکل، 3 بکریاں اور رقم برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 2 مسروقہ موٹر سائیکل اور رقم برآمد کی، کینٹ پولیس نے گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل و رقم برآمد کی، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 17

کرتے ہوئے اسکول معلوماتی نظام پر ایک ایلیمنٹری اسکول کو قانونی اجازت کے بغیر پرائمری سطح پر تنزلی دی، جبکہ خواتین ونگ کی ایک افسر کے ساتھ نامناسب واٹس ایپ پیغامات کے تبادلے اور دفتری تعلقات کشیدہ کرنے کا الزام بھی عائد کیا گیا ہے۔ نوٹس میں مجاز اتھارٹی نے متعلقہ قانون کی دفعہ 5 کی ذیلی شق (1) کے تحت معاملے میں باقاعدہ انکوائری ضروری نہ سمجھنے کا مؤقف اختیار کیا ہے۔ متعلقہ افسر کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 7 نومبر 2026 کو دفتری اوقات میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کے روبرو پیش ہوکر اپنا تحریری یا زبانی مؤقف پیش کریں اور وضاحت دیں کہ ملازمت سے برطرفی سمیت قانون میں درج دیگر سزائیں ان پر کیوں عائد نہ کی جائیں۔ نوٹس میں متعلقہ ریکارڈ کا جائزہ لینے کے لیے وصولی کے تین روز کے اندر پیشگی وقت لینے کی سہولت بھی دی گئی ہے، جبکہ اس کی نقول ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور دیگر متعلقہ حکام کو بھی ارسال کی گئی ہیں۔

بقیہ 18

اور موسمیاتی جھٹکوں، ترقیاتی مالیاتی فرق اور عالمی اقتصادی تقسیم سے نمٹنے کے لیے عالمی وعدوں کی تقویت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر معیشتوں کا مستقبل عالمی معیشت کے مستقبل سے وابستہ نہیں ہے، بلکہ اس کے لیے مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ وزیر خزانہ نے سرمایہ کاری، اختراع، صنعت کاری اور عالمی نمو کے محرک کے طور پر ابھرتی اور ترقی پذیر قوموں کی بے پناہ صلاحیت کو بھی اجاگر کیا۔ پاکستان کے ایجنڈے کا خاکہ پیش کرتے ہوئے سینیٹر اورنگزیب نے اس کی چیئرمین شپ کے لیے تین سٹریٹجک ترجیحات کی نشاندہی کی اور کہا کہ سب سے پہلے، ترقی کو عالمی اقتصادی پالیسی سازی کے مرکز میں رکھا جائے گا۔ میکرو اکنامک استحکام کو سرمایہ کاری، پیداواری صلاحیت، روزگار اور مشترکہ خوشحالی کی بنیاد کے طور پر کام کرنا چاہیے، جو ترقی پذیر اور کم آمدنی والی معیشتوں کو بحران سے نکل کر پائیدار ترقی کی طرف بڑھنے کے قابل بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری ترجیح زیادہ جامع اور نمائندہ اداروں کے ذریعے اراکین کے اجتماعی فائدے کے لیے کثیر الجہتی فریم ورک کا استحکام ہے۔ پاکستان زیادہ منصفانہ اور منصفانہ طرز حکمرانی، فیصلہ سازی میں بامعنی شرکت اور عالمی بینک و بین الاقوامی مالیاتی فنڈ جیسے بریٹن ووڈز اداروں کی اپنے اراکین کی بدلتی ہوئی ضروریات اور حقائق کے لیے زیادہ ردعمل کی وکالت کرے گا۔ مزید برا?ں ترقی پر مبنی بین الاقوامی مالیاتی فن تعمیر کا فروغ، ترجیحات کی اولیت اور بروقت ترقیاتی فنانسنگ، قرضوں کے پائیدار حل، مضبوط عالمی مالیاتی حفاظتی لائحہ عمل، موسمیاتی لچک اور سرکاری اور نجی سرمائے کا زیادہ سے زیادہ متحرک ہونا بھی ترجیحات میں شامل ہوگا۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے زور دے کر کہا کہ ہمارا کام اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ترقی پذیر معیشتوں کی بے پناہ صلاحیت کو بین الاقوامی مالیاتی ڈھانچے کی وجہ سے محدود نہ کیا جائے جس نے ابھی تک بدلتی ہوئی دنیا کو پوری طرح ڈھالنا ہے۔ پاکستان کے معاشی استحکام، اصلاحات اور مشکلات سے نمٹنے کی صلاحیت (ریزیلینس) کے تجربے کی روشنی میں وفاقی وزیر خزانہ نے مالی استحکام کو طویل مدتی ترقیاتی اہداف سے ہم آہنگ کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا کہ اصلاحات کے عمل سے گزرنے والی معیشتوں کے پاس پائیدار ترقی کے حصول کے لیے ضروری مالی وسائل اور پالیسی سازی کی گنجائش موجود ہو۔

بقیہ 19

تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 20

جدید ساختہ سرویلنس ڈرون ہیڈکوارٹرز کی بیرونی دیوار سے ٹکرانے کے بعد نیچے گر گیا، ڈرون کی مدد سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کے اندرونی حصوں کی ریکی جاری تھی۔ سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی سیکورٹی ٹیم نے سرویلنس ڈرون قبضے میں لے لیا اور اس وقت ڈرون کے ساتھ منسلک کیمروں اور بیٹری کی لائٹس آپریشنل تھیں، بعد ازاں بم ڈسپوزل سکواڈ نے ڈرون کے معائنے کے بعد کلیئرنس دی۔ پولیس کے مطابق نامعلوم ملزمان نے دہشت گردی کی نیت سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی جانب ڈرون بھیجا۔ حکام کا کہنا ہے کہ معاملے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں، سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی سکیورٹی نے تھانہ ہربنس پورہ میں کارروائی کیلئے درخواست جمع کرادی ہے

بقیہ 21

اے پی کھا دجبکہ 51 ہزار ٹن گندم شامل ہے، گندم کی ہینڈلنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ 2 بحری جہازوں کی بیک وقت ہینڈلنگ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی آپریشنل صلاحیت کا مظہر ہے، ضروری اشیا کی بروقت ترسیل غذائی تحفظ کے لیے ناگزیر ہے، جبکہ بندرگاہوں پر کارگو ہینڈلنگ کی استعداد بڑھانا حکومت کی ترجیح ہے۔ چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد کے مطابق کراچی پورٹ ملکی تجارت اور سپلائی چین میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، بندرگاہوں کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے اور کارگو ہینڈلنگ کی صلاحیت بہتر بنانے پر کام جاری ہے۔

بقیہ 22

4 ہزار 88 ارب 20 کروڑ روپے رہیں، جبکہ اس عرصے کے لیے ٹیکس وصولیوں کا ہدف 4 ہزار 217 ارب روپے مقرر کیا گیا تھا۔ اس کے باوجود ٹیکس وصولیوں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ حکام کے مطابق جون 2027 تک 15 ہزار 264 ارب روپے ٹیکس جمع کرنے کا ہدف مقرر ہے، جس کے حصول کے لیے ایف بی آر کو 17 فیصد شرح نمو درکار ہوگی۔ ذرائع کے مطابق اکتوبر میں ایف بی آر کی ٹیکس وصولیاں ایک ہزار 2 ارب روپے رہیں، جبکہ 31 اکتوبر کے آخری روز ٹیکس وصولیوں میں 27 ارب روپے کا اضافہ ہوسکا۔ ایف بی آر نے 31 اکتوبر تک 76 لاکھ انکم ٹیکس گوشوارے وصول کیے۔ دوسری جانب ریٹیلرز فکسڈ ٹیکس اسکیم بھی مطلوبہ نتائج حاصل نہ کرسکی۔ حکام کے مطابق 36 لاکھ ممکنہ نان فائلر خوردہ فروشوں میں سے صرف 1750 نے اسکیم کے تحت رجسٹریشن کرائی، جبکہ صرف 220 نئے ٹیکس دہندگان نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے۔

بقیہ 23

سے محروم ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ آر ایل این جی سپلائی تعطلی کا شکار ہے، اس وقت موجودہ سسٹم میں بھی گیس کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے، سردی شروع ہوتے ہی گیس کی طلب کئی گنا بڑھ چکی ہے اور گھریلو صارفین کو بھی گیس کی فراہمی کا مسئلہ بن رہا ہے تاہم سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھادی ہے۔ سوئی گیس حکام کے مطابق کنکشن پر پابندی وزارت پٹرولیم نے عائد کی ہے، ایران امریکا جنگ رکنے کے بعد ہی کنکشن بحالی کا امکان ہے۔

بقیہ 24

تھا کہ رتو چھ اور پڈہ سمیت تحصیل چوآسیدن شاہ کے دیگر علاقوں کی نسبت ڈنڈوت کی آبادی کئی گنا زیادہ ہے، اس کے باوجود گرین بس سروس کے مجوزہ روٹس میں اس اہم اور گنجان آباد قصبے کو شامل نہ کرنا قابل توجہ معاملہ ہے۔ اگر گرین بسیں کلرکہار، بشارت اور دیگر گردونواح کے علاقوں تک جا سکتی ہیں تو ڈنڈوت کو بھی اس بنیادی سفری سہولت کی فراہمی یقینی بنائی جانی چاہیے۔

بقیہ 25

خاتون کو واٹس ایپ پر دھمکیاں دینے والا تیسرا ملزم فیصل آباد ٹول پلازہ کے قریب سے گرفتار کیا گیا۔ این سی سی آئی اے کے مطابق تینوں ملزمان کے قبضے سے ہراسانی کے لیے استعمال ہونے والے موبائل فونز اور متاثرہ خواتین کا نجی ڈیٹا برآمد کرلیا گیا ہے۔ ایجنسی نے تینوں ملزمان کے موبائل فونز تحویل میں لے کر مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 26

شامل ہونے والا اپنی نوعیت کا پہلا بوئنگ 9-787 ہے۔ سی ای او پی آئی اے ایئر وائس مارشل عامر حیات نے اپنی ٹیم کے ہمراہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر پہلے ڈریم لائنر کا استقبال کیا۔ بوئنگ 9-787 جدید ٹیکنالوجی بشمول ان فلائٹ انٹرٹینمنٹ سے لیس ہے اور کشادہ و آرام دہ کیبن کی خصوصیات کا حامل ہے، ترجمان پی آئی اے کے مطابق ڈریم لائنر کی شمولیت پی آئی اے کے فضائی بیڑے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور بین الاقوامی نیٹ ورک کو مضبوط بنانے کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ پی آئی اے کا مقصد جدید طیاروں کے ذریعے بین الاقوامی معیار کی سفری سہولیات اور مسافروں کو مزید آرام دہ فضائی سفر فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 27

کے خلاف فیصلہ کیا گیا ہے۔ علی حیدر نے کہا کہ حکومت کے نئے پرائسنگ فارمولے سے ایل پی جی کی قیمتوں میں 25 سے 30 فیصد تک اضافہ ہو سکتا ہے۔ دوسری جانب گزشتہ روز نومبر کیلئے ایل پی جی 14 روپے 73 پیسے فی کلو مہنگی کردی گئی جس کا اوگرا نے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا، نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی کی نئی فی کلوگرام قیمت 294 روپے مقرر کی گئی ہے، جس کا اطلاق یکم نومبر سے ہوگیا ہے۔ اوگرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 173 روپے 86 پیسے مہنگا ہوگیا، 11.8 کلو گرام کے گھریلو سلنڈر کی نئی قیمت 3470 روپے 9 پیسے مقرر کردی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مارکیٹ میں ایل پی جی اوگرا کی مقرر کردہ قیمت سے دگنی میں فروخت ہورہی ہے۔

بقیہ 28

کہا گیا ہے کہ گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران حوثی قیادت، اجتماعات اور فوجی قافلے کو نشانہ بنایا گیا، حوثی ملیشیا کی کمک، فوجی ٹھکانوں اور رسد کے ذرائع پر بھی حملے کیے گئے۔ یمنی فوج کا کہنا ہے کہ صوبہ الجوف کے مختلف محاذوں پر کئی اہم مقامات اور سٹریٹجک پوزیشنز کا کنٹرول حاصل کرلیا گیا، آپریشن کے تحت 24 گھنٹوں میں 427 حوثی جنگجو ہلاک کیے گئے جبکہ 142 فوجی گاڑیاں، جنگی سازوسامان اور نقل وحمل کے ذرائع بھی تباہ کیے گئے۔ یمنی فوج نے مجموعی طور پر آپریشن فجر الیمن کے تحت حوثیوں کے خلاف ایک ہزار 119 کارروائیاں کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔

بقیہ 29

جریدے کے مطابق بھارتی ریاست بہار میں ہندوتوا عناصر کا مسجد پر حملہ، نمازیوں پر تشدد اور املاک میں توڑ پھوڑ کا واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں مسجد کے امام کو ہراساں کرنے کے ساتھ مسجد کو بم سے اڑانے اور نمازیوں کو گولی مارنے کی دھمکیاں بھی دی گئیں۔ بھارتی خبر رساں ادارے سیاست ڈیلی میں شائع مضمون کے مطابق بھارتی ریاست مدھیہ پردیش میں بھی انتہا پسند بجرنگ دل کارکنوں نے مسلمان تاجروں کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور مذہبی تعصب کے باعث شدید زخمی مسلمان تاجروں کو اسپتال میں بستر کے بجائے فرش پر لٹایا گیا۔ بین الاقوامی انسانی حقوق کے ماہرین کے مطابق مودی کی سرپرستی میں ہندو انتہا پسندوں کی دیدہ دلیری کے باعث بھارت میں اقلیتیں مسلسل خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔

بقیہ 30

پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے شہریوں کے مطابق میگا پراجیکٹ کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر کا کام شروع کیا گیا تھا، جس پر عوام نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے توقع ظاہر کی تھی کہ منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل کرکے انہیں بہتر سفری سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ ابتدائی طور پر تعمیراتی سرگرمیاں شروع ہونے سے شہریوں کو امید پیدا ہوئی کہ اب شہر کی خستہ حال سڑکوں کی حالت بہتر ہوگی اور روزمرہ آمدورفت میں پیش آنے والی مشکلات کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا تاہم شہریوں کی جانب سے یہ شکایات سامنے آ رہی ہیں کہ بعض مقامات پر سڑکوں پر صرف پتھر بچھا کر رولر چلایا گیا جبکہ ڈامر ڈالنے سمیت تعمیراتی کام کے دیگر مراحل مکمل نہیں کیے گئے۔ شہریوں کا الزام ہے کہ متعدد مقامات پر کام ادھورا چھوڑ دیا گیا ہے اور ٹھیکیدار کے مبینہ طور پر موقع سے غائب ہونے کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں ان شکایات کے باعث منصوبے کی پیش رفت تعمیراتی معیار اور کام کی نگرانی کے حوالے سے مختلف سوالات جنم لے رہے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر سڑکوں کی تعمیر کے لیے سرکاری وسائل خرچ کیے جارہے ہیں تو اس منصوبے کو معیاری طریقے سے مکمل کرنا متعلقہ اداروں اور ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہے محض پتھر بچھا کر تعمیراتی کام چھوڑ دینا عوامی مفاد کے اس منصوبے کے بنیادی مقصد کو متاثر کرسکتا ہے ان کے مطابق سڑکوں کی مناسب تکمیل نہ ہونے کی وجہ سے شہریوں کو روزانہ آمدورفت میں دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جبکہ پیدل چلنے والوں، موٹر سائیکل سواروں، رکشہ ڈرائیوروں اور دیگر مسافروں کی مشکلات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے نامکمل سڑکوں سے اٹھنے والی گرد وغبار نے بھی شہریوں کی پریشانیوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ شہریوں کے مطابق خشک موسم اور گاڑیوں کی آمدورفت کے دوران سڑکوں پر بکھرے پتھروں اور مٹی کے باعث گرد وغبار پھیلتا ہے جس سے روزمرہ زندگی متاثر ہوتی ہے دکانداروں راہ گیروں اور ان علاقوں میں رہائش پذیر افراد کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ تعمیراتی کام بروقت مکمل نہ ہونے سے ایک طرف آمدورفت متاثر ہے تو دوسری جانب گرد وغبار اور مٹی نے بھی معمولات زندگی کو دشوار بنا دیا ہے۔ شہریوں نے اس صورت حال پر متعلقہ انتظامیہ کی توجہ مبذول کراتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ میگا پراجیکٹ کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کی نگرانی کون کر رہا ہے تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق مکمل کرانے کی ذمہ داری کس ادارے پر عائد ہوتی ہے اگر ٹھیکیدار نے کام ادھورا چھوڑا ہے تو متعلقہ حکام کی جانب سے اب تک کیا اقدامات کیے گئے ہیں اسی طرح منصوبے کی مقررہ مدت منظور شدہ لاگت تعمیراتی معیار اور کام کی تکمیل سے متعلق معلومات بھی عوام کے سامنے لانے کی ضرورت ہے تاکہ صورت حال واضح ہو سکے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ترقیاتی منصوبے صرف افتتاحی تقریبات اور اعلانات تک محدود نہیں ہونے چاہییں بلکہ ان کے ثمرات عام شہریوں تک پہنچنا ضروری ہیں کسی بھی منصوبے کی اصل کامیابی اس وقت سامنے آتی ہے جب تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق مکمل ہو، عوام کو سہولیات میسر آئیں اور سرکاری وسائل کا استعمال شفاف انداز میں کیا جائے اگر کسی منصوبے میں تاخیر یا تعمیراتی نقائص کی شکایات سامنے آئیں تو متعلقہ اداروں کو فوری نوٹس لے کر صورت حال کا جائزہ لینا چاہیے شہریوں نے سندھ حکومت متعلقہ محکمہ تعمیرات وترقیات اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کندھ کوٹ میگا پراجیکٹ کے تحت جاری سڑکوں کی تعمیر کی موجودہ صورت حال کا فوری جائزہ لیا جائے۔ منصوبے کی منظور شدہ لاگت جاری کردہ فنڈز تعمیراتی معاہدے کام کی مقررہ مدت اور معیار سے متعلق ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی جائے جبکہ ضرورت پڑنے پر غیر جانبدار تکنیکی معائنہ بھی کرایا جائے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ تعمیراتی کام منظور شدہ نقشے شرائط اور معیار کے مطابق کیا جارہا ہے یا نہیں شہریوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ جہاں سڑکوں کی تعمیر ادھوری ہے وہاں فوری طور پر کام دوبارہ شروع کروا کر اسے مقررہ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے اگر تحقیقات کے دوران ٹھیکیدار یا متعلقہ ذمہ داران کی غفلت معاہدے کی خلاف ورزی یا کسی دوسری بے ضابطگی کی تصدیق ہو تو قانون اور معاہدے کی شرائط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اس کے ساتھ ساتھ عوام کو منصوبے کی پیش رفت سے آگاہ رکھنے کے لیے متعلقہ حکام کو شفاف طریقہ کار اختیار کرنا چاہیے کندھ کوٹ کے شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر کی ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کا حق ہے انہیں ایسے ترقیاتی منصوبوں کی ضرورت ہے جو کاغذوں اور اعلانات کے بجائے عملی طور پر مکمل ہوں اور جن سے عوام کو حقیقی فائدہ پہنچے شہریوں نے واضح کیا کہ وہ ترقیاتی منصوبوں کے مخالف نہیں بلکہ چاہتے ہیں کہ سرکاری وسائل سے شروع کیے گئے منصوبوں کو دیانت داری شفافیت اور معیاری تعمیراتی اصولوں کے مطابق مکمل کیا جائے اب دیکھنا یہ ہے کہ سندھ حکومت اور متعلقہ انتظامیہ شہریوں کی ان شکایات کا نوٹس لے کر میگا پراجیکٹ کی تکمیل کے لیے کیا عملی اقدامات کرتی ہیں اور نامکمل سڑکوں کی تعمیر کب مکمل ہوتی ہے شہریوں کا دوٹوک مطالبہ ہے کہ انہیں محض اعلانات اور وعدے نہیں بلکہ معیاری سڑکیں شفاف ترقیاتی عمل اور عملی اقدامات چاہییں

بقیہ 31

کے اعلامیہ کے مطابق مفتی عبدالرحیم نے کراچی میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت پر صدر جامعہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی شرکت کو منتظمین کے لیے باعثِ اعزاز قرار دیا۔ پروفیسر ڈاکٹر احمد سعد الاحمد نے کہا کہ قرآن و سنت کی تعلیمات کو وسیع تر حلقوں تک پہنچانا ایک اہم دینی و علمی ذمہ داری ہے۔ا

بقیہ 32

طلب میں اضافے اور سپلائی میں تعطل کے باعث قیمتیں آسمان کو پہنچ گئی ہیں۔

بقیہ 33

عوامی اور پیشہ وارانہ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ ہر فارماسسٹ کے پاس صرف ایک دوائی فروخت کا لائسنس ہونا چاہیے اور اسے استعمال کرنا چاہیے، تمام درخواست دہندگان کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ مکمل کوائف کو یقینی بنائیں، درست معلومات فراہم کریں اور لائسنس کے لیے درخواست دیتے وقت قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی سختی سے تعمیل کریں۔

بقیہ 34

کی دستیابی اور قیمتوں کے حوالے سے متعلقہ حکام سے معلومات حاصل کیں۔ دورے کے موقع پر اٹک فلور ملز کے چیف ایگزیکٹو اور صدر انجمن فلور ملز مالکان ایسوسی ایشن کمالیہ چوہدری افتخار احمد نے اسسٹنٹ کمشنر کو یقین دہانی کروائی کہ علاقے میں آٹے کی قلت پیدا نہیں ہونے دی جائے گی اور آٹا شہر کی تمام دکانوں پر وافر مقدار میں دستیاب ہے

بقیہ 35

کے دوران رکشہ اور موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے۔ انہوں نے بتایا کہ حادثے کے دوران دو بچے ٹریکٹر ٹرالی تلے آ کر موقع پر ہی دم توڑ گئے جب کہ موٹرسائیکل پر سوار میاں بیوی اور رکشہ ڈرائیور زخمی ہو گئے۔ دوسری جانب واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکار موقع پر پہنچے جنہوں نے مرنے والے دونوں بچوں اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا۔ مزید برآں حادثے کے باعث علاقے میں افسوس کی فضا قائم ہوگئی، دو کمسن بچوں کی المناک موت نے اہل علاقہ کو سوگوار کر دیا۔

بقیہ 36

پر آخری کارگو کا پریمیم اور اضافی اخراجات استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ آئل ریفائنریز آئندہ 30 روز تک پیٹرول کی ایکس ریفائنری قیمت 7 مارچ 2026 کی سطح پر مقرر کرسکیں گی۔ ریفائنریز کو پریمیم، اضافی اخراجات اور کسٹمز ڈیوٹی 7 مارچ 2026 کی سطح پر رکھنے کی اجازت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق درآمدی قیمت اور ایکس ریفائنری قیمت کا فرق ریفائنریز کو پیٹرولیم لیوی کی مد میں جمع کرانا ہوگا۔ پیٹرولیم لیوی میں ردوبدل کا فائدہ صرف پیٹرول صارفین کو منتقل کیا جائے گا، پیٹرولیم لیوی میں حاصل ہونے والا فائدہ پیٹرول کی قیمت میں کمی کی صورت میں صارفین کو ملے گا۔ نجی ٹی وی کے مطابق پیٹرولیم ڈویژن نے تمام آئل ریفائنریز کو باضابطہ خطوط ارسال کردیے۔

بقیہ 37

رجسٹریشن کی خدمات کو بہتر بنانا، درخواستوں پر کارروائی کے عمل کو تیز کرنا اور اپنے ڈیجیٹل رجسٹریشن سسٹم کے ذریعے ڈاکٹروں اور پیشہ ور ڈینٹلز کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ پی ایم اینڈ ڈی سی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر رضوان تاج کی قیادت میں، کونسل نے کام کے بہاؤ کے بہتر انتظام، باقاعدہ نگرانی اور انتظامی ہم آہنگی کو متعارف کرایا ہے تاکہ درخواستوں کو بروقت نمٹایا جا سکے اور زیر التوا کیسز کو ختم کیا جاسکے۔ رجسٹریشن پورٹل کے اعداد وشمار کے مطابق، کونسل نے مکمل لائسنس کی تجدید کے لیے موصول ہونے والی 90,837 درخواستوں میں سے 90,683 درخواستوں پر عمل درآمد کیا، جبکہ 54,620 درخواستوں کے مقابلے میں 54,044 مکمل لائسنس جاری کیے۔

بقیہ 38

خاتون کو واٹس ایپ پر دھمکیاں دینے والا تیسرا ملزم فیصل آباد ٹول پلازہ کے قریب سے گرفتار کیا گیا۔ این سی سی آئی اے کے مطابق تینوں ملزمان کے قبضے سے ہراسانی کے لیے استعمال ہونے والے موبائل فونز اور متاثرہ خواتین کا نجی ڈیٹا برآمد کرلیا گیا ہے۔ ایجنسی نے تینوں ملزمان کے موبائل فونز تحویل میں لے کر مزید تفتیش شروع کردی ہے

بقیہ 39

درمیان میں آگئے جس کے نتیجے میں چار بچے بھی چھریوں کے وار سے زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں 40 سالہ زاہدہ بی بی، 22 سالہ بیٹی زہرہ، 15 سالہ مقدس، 18 سالہ بیٹا علی حیدر اور 13 سالہ بیٹا نور شان شامل ہیں۔ واقعے میں زخمی ہونے والی خاتون اور بچوں کو طبی امداد کے لیے جنرل ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ارشد واقعے کے بعد فرار ہوگیا جسے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کرلیا گیا۔

بقیہ 40

واپسی پر دو نامعلوم ساتھیوں نے پولیس حراست سے چھڑوانے کی کوشش کی اور ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں کی زد میں آ کر ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم 2020 اور 2022 میں 5 اور 6 سالہ تین کمسن بچیوں سے زیادتی کے مقدمات میں بھی جیل جاچکا تھا۔ پولیس مقابلے کے دوران ملزم کے دو نامعلوم ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے ایس ڈی پی او وزیر آباد کی نگرانی میں خصوصی ٹیمیں تشکیل دیدی گئی ہیں اور فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے شہر بھر میں ناکہ بندی کرکے سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 41

پیر سید منور شاہ جماعتی، علامہ سید شاہ حسین گردیزی، پیر سید چن پیر بادشاہ گیلانی، علامہ ڈاکٹر صداقت شاہ بخاری، پیر سید ریاض حسین شاہ، علامہ سید طیب شاہ گیلانی، علامہ پیر سید شمس الرحمٰن مشہدی، پیر سید عظمت حسین شاہ گیلانی، پیر سید شبیر حسین شاہ گیلانی، علامہ سید ساجد شاہ گیلانی، پیر سید جابر شاہ کاظمی، مفتی اشرف چشتی گولڑوی، علامہ ڈاکٹر آصف ہزاروی، قاضی عبدالعزیز چشتی (یو کے)، ڈاکٹر عزیز حیدر قادری، مفتی اکرام اللہ زاہد، علامہ عبدالقادر قادری (بہاولنگر)، علامہ محمود عباسی اور علامہ امین سیالوی سمیت دیگر علماء و مشائخ نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے مفکر اسلام ڈاکٹر پیر سید عبدالقادر شاہ جیلانیؒ کی 90 سالہ زندگی پر محیط دینی، علمی اور روحانی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ تحفظِ ختم نبوت کے حوالے سے ان کی خدمات تاریخ کا اہم حصہ ہیں۔ برطانیہ سے پاکستان تک مختلف مساجد اور مدارس میں آج بھی ان کے ہزاروں شاگرد دینی و تبلیغی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ آپ کی علمی و روحانی جدوجہد آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

بقیہ 42

نے موقف اختیار کیا کہ پولیس اہلکاروں نے میرے بھائی کو تشدد کا نشانہ بنایا، بھائی اکمل خان گاڑی میں سی این جی بھروانے گیا تھا، گاگو چیک پوسٹ پر پہنچا تو تھانہ ٹیکسلا کے اہلکاروں نے اسے چیک پوسٹ پر روک لیا۔ مدعی کے مطابق بھائی اکمل علی خان نے اپنے فون سے درگاہی کے رہائشی فرخ امیر خان کو کال کرکے بتایا کہ مجھے تھانہ ٹیکسلا کے پولیس اہلکاروں نے گاگو چیک پوسٹ پر روک لیا ہے جس پر وہ فرخ امیر خان اور مختیار خان بھی موجود تھا چیک پوسٹ پہنچ گئے۔ مدعی نے بتایا ہم چیک پوسٹ پہنچے تو دیکھا کہ بھائی اکمل علی خان کو پولیس اہلکار اپنی چیک پوسٹ کے کمرہ کے اندر زدوکوب کر رہے تھے، اکمل علی خان زمین پر گرا ہوا تھا اور منت سماجت کر رہا تھا، ہم تینوں نے پولیس اہلکاروں کی منت سماجت کی لیکن انہوں نے اس کو نہ چھوڑا۔ مدعی کے مطابق اے ایس آئی کاشف نے اپنے دیگر کانسٹیبلوں سہیل اور قدیر کو کہا کہ اسکو مارو جس پر تینوں پولیس اہلکاروں نے اکمل خان کو لاتوں اور مکوں سے مزید تشدد کیا، بعد ازاں ہم اکمل خان کو گاڑی میں ڈال کر تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال ٹیکسلا لے کر آئے جہاں ڈاکٹر نے زخمی اکمل خان کو چیک کیا تو بتلایا کہ اسکی موت واقع ہو چکی ہے۔ اے ایس آئی کاشف کانسٹیبلو سہیل اور قدیر نے اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے اور جان بوجھ کر جان سے مارنے کی نیت سے بھائی کو ناحق قتل کیا انکے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور ہمیں انصاف دلایا جائے۔ مدعی نے مطالبہ کیا کہ انکی گاڑی کے کاغذات بھی پولیس نے لے لیے تھے وہ بھی واپس دلوائے جائیں اور ملزمان کو سخت سے سخت سزا دلوائی جائے، پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ملوث اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی گئی ہے۔ دریں اثنا پولیس چوکی میں اکمل خان کی موجودگی کی ویڈیو سامنے آگئی، فوٹیج میں مقتول کو چارپائی پر پریشان حالت میں لیٹے اور ادھر ادھر دیکھتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ ویڈیو میں چوکی پہنچنے والے افراد پولیس اہلکار سے بحث کرتے دکھائی دیتے ہیں جبکہ ایک شخص اکمل خان کی حالت دیکھ کر پانی پلانے کا کہتا سنائی دیتا ہے۔ فوٹیج میں پولیس اہلکار کو وہاں موجود افراد کی ویڈیو بناتے ہوئے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ واقعہ سڑک پر ٹرک اور اکمل خان کی گاڑی آمنے سامنے آنے اور راستہ بند ہونے پر معمولی تنازع سے شروع ہوا جو ٹرک ڈرائیور کے بجائے پولیس اور اکمل خان کے درمیان جھگڑے میں تبدیل ہوگیا۔ واقعے کے دوران مشتعل افراد نے پولیس اہلکاروں کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا، ایک تھانیدار زخمی ہونے کے باعث اسپتال میں زیر علاج ہے۔ واقعے کی اعلیٰ سطحی انکوائری جاری ہے، پولیس نے علاقے کی سی سی ٹی وی فوٹیج کا ریکارڈ بھی حاصل کرلیا ہے۔

بقیہ 43

کے ساتھ خوشگوار لمحات گزارے۔ عشائیے میں سماجی و کاروباری برادری کی اہم شخصیات ملک شاہد محمود، چوہدری ساجد محمود اور چوہدری وقار حسین سمیت دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ چوہدری لیاقت علی پسوال کی جانب سے المصطفیٰ ٹیم کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام سماجی روابط اور فلاحی خدمات سے وابستہ شخصیات کے درمیان باہمی تعاون کے فروغ کی ایک خوبصورت مثال قرار دیا گیا۔

بقیہ 44

مہاجرین کو واپس جانا ہوگا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اختلافات اپنی جگہ لیکن صوبے کے امن کیلئے متفق ہونا پڑے گا، ہم نے صوبے کو امن کا گہوارہ بنانا اور اس کا تشخص بہتر بنانا ہے۔ گورنر کے پی نے کہا کہ کسی کے خلاف کرپشن چارجز ہوئے تو کارروائی ہوگی، کسی پر جرائم ثابت ہوں گے تو سامنا تو کرنا پڑیگا، جب تک سزا و جزا کا نظام نہیں ہوگا، حالات ٹھیک نہیں ہوں گے۔

بقیہ 45

کے مطابق تھانہ رسالدار کی حدود میں واقع گاؤں قدر حسین گولاٹو میں نجمہ دختر گل زوجہ الطاف گولاٹو ولد عطا محمد گولاٹو کو مبینہ طور پر کاروکاری کے الزام کے تحت فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا واقعے کی اطلاع ملنے پر مقتولہ کے ورثاء اور اہل خانہ میں کہرام مچ گیا جبکہ واقعے نے علاقے میں تشویش کی فضا پیدا کردی مقتولہ کے ورثاء جن میں خواتین بھی شامل تھیں انصاف کے حصول کے لیے خاتون کی لاش لے کر ایس ایس پی کشمور کے دفتر پہنچ گئے ورثاء نے لاش اور قرآن پاک اٹھا کر دفتر کے مرکزی گیٹ کے سامنے احتجاج کیا اور دھرنا دے کر متعلقہ پولیس حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مبینہ ملزم کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے احتجاج میں شریک ورثاء کا مطالبہ تھا کہ مبینہ طور پر قتل میں ملوث الطاف گولاٹو کو فوری گرفتار کیا جائے واقعے کا مقدمہ درج کیا جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرکے قتل کے محرکات سامنے لائے جائیں اور ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے ایس ایچ او رسالدار کی مظاہرین سے مذاکرات ایس ایس پی آفس کے مرکزی گیٹ کے سامنے احتجاج اور دھرنے کے دوران ایس ایچ او تھانہ رسالدار صدام حسین کھوسو مظاہرین کے پاس پہنچے اور ان سے مذاکرات کیے اس موقع پر انہوں نے مظاہرین کو یقین دہانی کرائی کہ واقعے میں ملوث مبینہ ملزم کو جلد گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے ایس ایچ او صدام حسین کھوسو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایس پی کشمور کی واضح ہدایات ہیں کہ کسی بھی قاتل یا جرائم پیشہ شخص کو رعایت نہیں دی جائے گی اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ پولیس واقعے کے حوالے سے قانونی تقاضوں کے مطابق اقدامات کرے گی پولیس افسر کی یقین دہانی کے بعد مقتولہ کے ورثاء نے اپنا احتجاج ختم کردیا اور خاتون کی لاش اپنے ہمراہ لے کر روانہ ہوگئے مبینہ کاروکاری کے واقعات پر مؤثر کارروائی کا مطالبہ واقعے کے بعد علاقے میں یہ سوال اہمیت اختیار کرگیا ہے کہ مبینہ کاروکاری کے الزام کی بنیاد پر پیش آنے والے ایسے واقعات کی روک تھام اور خواتین کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کس حد تک یقینی بنائے جارہے ہیں۔ کسی بھی شخص پر الزام عائد ہونا بذات خود کسی کو قتل کرنے یا قانون اپنے ہاتھ میں لینے کا جواز فراہم نہیں کرتا، جبکہ ایسے معاملات میں پولیس اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ غیر جانبدارانہ تحقیقات کرکے حقائق سامنے لائیں اور قانون کے مطابق کارروائی کریں مقتولہ کے ورثاء نے احتجاج کے دوران مبینہ ملزم کی گرفتاری مقدمے کے اندراج اور انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کیا تاہم واقعے کے تمام پہلوؤں قتل کے محرکات اور ذمہ داری کے تعین کے لیے پولیس کی تفتیش اور قانونی کارروائی اہم ہوگی واضح رہے کہ فراہم کردہ معلومات کے مطابق پولیس کی جانب سے مبینہ ملزم کی جلد گرفتاری کی یقین دہانی کرائی گئی جس کے بعد ورثاء نے احتجاج ختم کردیا واقعے میں گرفتاری مقدمے کے اندراج اور تفتیش میں ہونے والی پیش رفت کی مزید تفصیلات سامنے آنے پر ہی قانونی کارروائی کی صورتِ حال واضح ہوسکے گی۔

بقیہ 46

آئیڈیل بیکری پراسکے چک 73 چار آر سے بلوایا اور اسکی کارنمبر 6972 ایل ای ایس مالیت 30 لاکھ روپے اسلام آباد شادی میں جانے کے بہانے ہتھیا لی اور پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئے۔ اڈہ کسووال پر چک 119 سات ڈی آر کے غلام صابر کاشت کار بینک کے اے ٹی ایم پر آیا اور اے ٹی ایم سے نقدی دس ہزار روپے نکالے تو دو نوسر بازوں نے گھیر لیا اسکے دس ہزار روپے بھی چوری کر لیے اور دھوکہ سے اے ٹی ایم لے کر مزید ایک لاکھ 25 ہزار روپے نقدی نکال کر رفو چکر ہوگئے، پولیس فرید ٹاؤن اور کسووال نے محمد شریف چیمہ، محمد طاہر اصغر اور غلام صابر کی مدعیت میں تین مقدمات 379,420 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے اور دونوسر بازوں کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 47

قریب قبرستان سے 45 سالہ شخص کی لاش برآمد ہوئی جبکہ کاہنہ ہلوکی چوکی کے قریب ریلوے لائن عبور کرتے ہوئے ایک نوجوان ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق ہوگیا۔

بقیہ 48

جارہا ہے۔ احباب نے امید ظاہر کی کہ قاضی اشتیاق نئی ذمہ داریوں کو دیانت داری، فرض شناسی اور عوامی خدمت کے جذبے سے نبھائیں گے۔ انہوں نے قاضی اشتیاق کے لیے مزید کامیابیوں، عزت و وقار اور روشن مستقبل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 49

ہوئیں۔ ترجمان کے مطابق موصولہ اطلاعات اور رپورٹ کا جائزہ لینے کے بعد ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے فوری کارروائی کرتے ہوئے این او سی منسوخ کردیا۔ ضلعی انتظامیہ نے کسی بھی ممکنہ خلاف ورزی کا پیشگی نوٹس لیتے ہوئے ایونٹ شروع ہونے سے قبل ہی اجازت نامہ منسوخ کیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ رات سیالکوٹ میں معروف ٹک ٹاکر کی مہندی کی تقریب میں بھگدڑ مچنے سے ایک شخص جاں بحق اور 13 افراد شدید زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ٹک ٹاکر کی مہندی کی تقریب ڈسکہ روڈ پر واقع اسٹیڈیم میں منعقد کی گئی تھی۔ تقریب میں دعوت عام دی گئی تھی، تقریب میں انعام کے لیے قرعہ اندازی کا اعلان بھی کیا گیا تھا، جس کی وجہ سے اسٹیڈیم کے باہر شہریوں کی بڑی تعداد جمع ہوگئی۔

بقیہ 50

ہوائی اڈے پر پہنچا۔ یہ طیارہ پاکستان کی کسی بھی ایئرلائن کے فضائی بیڑے میں شامل ہونے والا اپنی نوعیت کا پہلا بوئنگ 9-787 طیارہ ہے، جو ملکی ہوا بازی کی صنعت میں ایک اہم سنگ میل تصور کیا جا رہا ہے۔ اسلام آباد ایئرپورٹ پر پی آئی اے کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایئر وائس مارشل عامر حیات نے اپنی انتظامی ٹیم کے ہمراہ لینڈ کرنے والے پہلے ڈریم لائنر کا پرتپاک استقبال کیا۔ ایئرلائن حکام کے مطابق بوئنگ 9-787 جدید ترین ٹیکنالوجی، جدید ترین ان فلائٹ انٹرٹینمنٹ سسٹم، اور بیحد کشادہ و آرام دہ کیبن کی خصوصیات سے لیس ہے۔ ڈریم لائنر کی بیڑے میں شمولیت پی آئی اے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور اس کے بین الاقوامی روٹس و نیٹ ورک کو مزید مضبوط اور فعال بنانے کی جامع حکمت عملی کا اہم حصہ ہے۔ پی آئی اے انتظامیہ کے مطابق اس اقدام کا بنیادی مقصد مسافروں کو بین الاقوامی معیار کی جدید سفری سہولیات، بہتر سہولت اور انتہائی آرام دہ فضائی سفر فراہم کرنا ہے تاکہ ایئرلائن کی ساکھ اور آپریشنل صلاحیت میں اضافہ کیا جاسکے۔

بقیہ 51

گندے پانی کے جوہڑ سے برآمد کر کے ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر دیا گیا۔

بقیہ 52

ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ دو تین روز تک بارش کا امکان نہیں البتہ موسم خشک اور سرد رہے گا۔

بقیہ 53

پر دو مختلف مقامات پر مخالف گروپوں کے درمیان لڑائی جھگڑوں میں 7 افراد زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 اٹک کی ٹیموں نے فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ کر تمام زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور بعد ازاں ڈی ایچ کیو ہسپتال اٹک اور ٹی ایچ کیو ہسپتال جنڈ منتقل کر دیا۔

بقیہ 54

دستخط کر دیے ہیں انسٹی ٹیوٹ ا?ف کمپیوٹر سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذریعے طے پانے والے معاہدے پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ بتول اور ایپ سولوورز کے بانی و چیف ایگزیکٹو ا?فیسر محمد حمزہ نواز نے دستخط کیے، جبکہ ڈائریکٹر ا?فس ا?ف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن ڈاکٹر مصباح مرزا اور ڈائریکٹر انسٹی ٹیوٹ ا?ف کمپیوٹر سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر خدیجہ کنول بھی موجود تھیں معاہدے کے تحت طالبات کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں میں فنی تربیت، ورکشاپس، انٹرن شپ، صنعتی رہنمائی، تحقیقی سرگرمیوں اور کیریئر ڈویلپمنٹ کے مواقع فراہم کیے جائیں گے ویمن یونیورسٹی ملتان کیٹرا کت داری کے تحت طالبات کو مصنوعی ذہانت، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور جدید ٹیکنالوجی کے دیگر شعبوں میں تربیت فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 55

عمل کو آسان اور سہولت بخش بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کالج اور یونیورسٹی کے اہل طلبا 42 روزہ لرنر مدت کی اس رعایت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور ضروری تقاضے پورے کرنے کے بعد موقع پر ہی اپنا موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ سی ٹی او کائنات نے شہریوں کو یہ بھی آگاہ کیا کہ اب وہ ٹریفک پولیس دفاتر کے بار بار چکر لگانے کے بجائے، ٹی سی ایس کوریئر سروس کے ذریعے اپنے ڈرائیونگ لائسنس گھر بیٹھے (اپنی دہلیز پر) وصول کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہوم ڈیلیوری کی یہ سہولت شہریوں کا وقت بچائے گی اور لائسنسنگ کے عمل کو مزید آسان بنائے گی۔ کائنات اظہر خان نے طلباء پر زور دیا کہ نومبر کے دوران اس خصوصی سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے شہریوں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ موٹر سائیکل یا کوئی بھی گاڑی چلانے سے پہلے اپنا درست ڈرائیونگ لائسنس ضرور حاصل کریں۔

بقیہ 56

پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور مختلف محکموں کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران حکومتی پالیسیوں، وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات، ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، شہری سہولیات کی بہتری اور گورننس کے مختلف شعبوں میں ہونے والی پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے افسران کو ہدایت کی کہ حکومتی ترجیحات پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور عوام کو ریلیف کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی افسران کی بنیادی ذمہ داری عوام کے مسائل کا بروقت حل، سرکاری خدمات کی فراہمی میں بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل ہے۔ تمام محکمے باہمی رابطہ کاری، مربوط حکمت عملی اور مؤثر نگرانی کے ذریعے اپنے اہداف حاصل کریں۔

بقیہ 57

324 ریکارڈ ہوا۔ عالمی ویب سائٹ نے لاہور، گوجرانوالہ اور فیصل آباد سمیت وسطی پنجاب کا فضائی معیار انتہائی مضر صحت قرار دے دیا۔ عالمی ویب سائٹ کے مطابق صبح کے وقت گوجرانوالہ میں پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 612، لاہور میں 475، فیصل آباد میں 371 اور ملتان میں 350 ریکارڈ کی گئی۔ دنیا کے بڑے آلودہ شہروں میں کراچی تیسرے نمبر پر رہا۔

بقیہ 58

ہیں۔ رہائشی عمارت کو گودام میں تبدیل کرنے کے معاملے پر سوالات اٹھنے لگے۔ ریسکیو حکام نے کہا کہ آگ پر قابو پالیا گیا، کولنگ کا عمل بھی مکمل کرلیا گیا، آگ عمارت کے بالائی منزل میں رکھے فریزر میں شارٹ سرکٹ کے باعث لگی، کمرے میں رکھے بستر اور گدے کی وجہ سے آگ پھیلی۔ عمارت کے نچلے حصے میں کھلونوں کا گودام تھا، پولیس نے بتایا کہ آگ سے کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ 59

نیٹ ورک و ڈسٹرکٹ ممبر لاہور ہیومن رائٹس گورنمنٹ پنجاب مبارک آفتاب گل نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے اجتماعی ذمہ داری، جامع قیادت اور روزمرہ زندگی میں ماحول دوست طرز عمل اپنانا ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فلاحی تنظیم برگد کے زیراہتمام یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور، لوئر مال کیمپس کے اشتراک سے منعقدہ دوسری ''انکلوسیو کلائمیٹ ایکشن نیٹ ورک کانفرنس''، ''کلائمیٹ گالا 2026'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین نے برگد کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ماحولیاتی ذمہ داری، متعلقہ پالیسیوں سے آگاہی اور ماحول کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مختلف مذاہب اور کمیونٹیز کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ قدرتی ماحول کا تحفظ تمام مذاہب اور معاشرتی طبقات کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور مذہبی و اخلاقی تعلیمات بھی اس حوالے سے رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ برگد کے فیتھ اِن ایکشن پراجیکٹ کے تحت منعقدہ اس کانفرنس میں 236 شرکاء نے شرکت کی۔

بقیہ 60

کہ امت مسلمہ کا مستقبل مایوسی و تقسیم کے بجائے علم اور عمل کا راستہ اختیار کرنے والوں سے وابستہ ہے، غزہ کی تباہی، بھوک اور جبری بے دخلی عالمی نظام کے اخلاقی دعوؤں کا امتحان ہے، اتحاد کا مطلب یکسانیت نہیں بلکہ بنیادی اصولوں پر ایک ساتھ مل کر کھڑا ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسی دنیا چاہتے ہیں جہاں فلسطین آزاد ہو اور کشمیریوں کو انصاف حاصل ہو، شدید مصائب کے باوجود اہل غزہ کی ثابت قدمی انسانی وقار اور امید کی غیر معمولی مثال ہے

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں مسمی حضر حیات ستی ولد قدر حیات ایک عدد سنگل سٹوری مکان سائز 5 مرلہ واقع موضع ہرنو ٹھنڈا پانی ضلع اسلام آباد کیوٹ نمبر 220 کتونی نمبر 400 خسرہ نمبر 2003 جو کہ نقیب اللہ ولد محمد نواز کی ملکیت ہے۔ جسکو میں خرید رہا ہوں اگر کسی ادارے یا شخص کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر رابطہ کریں بعد میں کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

المشتہر، حضر حیات ستی
گاؤں و ڈاکخانہ دھیر کوٹ ستیاں
تحصیل کوٹلی ستیاں ضلع مری۔
0315-0446716

پاکستانی ہوابازی کی تاریخ میں نیا باب — پی آئی اے میں پہلا ڈریم لائنر طیارہ شامل

لیز پر حاصل کردہ یہ جدید ترین ڈریم لائنر طیارہ لندن سے پرواز PK786 کے ذریعے اسلام آباد کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر پہنچا

یہ طیارہ پاکستان کی کسی بھی ایئرلائن کے فضائی بیڑے میں شامل ہونے والا اپنی نوعیت کا پہلا بوئنگ 787-9 طیارہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی قومی ایئرلائن نے اپنی بین الاقوامی پروازوں اور خدمات کو جدید معیار پر لانے کے لیے ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے اپنے فضائی بیڑے میں پہلا بوئنگ 787-9 ڈریم لائنر طیارہ شامل کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیز پر حاصل کردہ یہ جدید ترین ڈریم لائنر طیارہ برطانیہ کے دارالحکومت لندن سے پرواز PK786 کے ذریعے اسلام آباد کے بین الاقوامی (بقیہ نمبر 50)



معروف کالم نگار و کاروباری شخصیت چوہدری لیاقت علی پسوال کی جانب سے المصطفیٰ ٹیم کے اعزاز میں عشائیہ

چوہدری لیاقت علی پسوال کا المصطفیٰ ٹیم کے اعزاز میں عشائیہ

جہاں مہمانوں نے ایک دوسرے کے ساتھ خوشگوار لمحات گزارے

اسلام آباد (این ای این) معروف کالم نگار، سماجی و کاروباری شخصیت چوہدری لیاقت علی پسوال کی جانب سے بحریہ ٹاؤن کے سفاری کلب میں المصطفیٰ ٹیم کے اعزاز میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا اور المصطفیٰ ٹیم کی سماجی و فلاحی خدمات کو سراہا۔ المصطفیٰ کے بحریہ انکلیو اسلام آباد میں نئے منصوبے کی تکمیل کے سلسلہ میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور اس کی کامیابی کے لئے دعا بھی کی گئی۔ تقریب خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی، جہاں مہمانوں نے ایک دوسرے (بقیہ نمبر 43)

افغان مہاجرین سے متعلق وفاق کی پالیسی اپنائیں گے

غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کو واپس جانا ہوگا، فیصل کریم کنڈی کی گفتگو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ افغان مہاجرین سے متعلق وفاق کی پالیسی اپنائیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وزیراعظم 160 ارب روپے دے رہے ہیں، 70 فیصد رقم ان علاقوں میں خرچ ہوگی جو ماضی میں محروم رہے ہیں، ضم اضلاع کو وسائل فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین سے متعلق وفاق کی پالیسی اپنائیں گے، غیر قانونی طور پر مقیم افغان (بقیہ نمبر 44)



امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر آٹھ چوک لیاری میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کندھ کوٹ میں میگا پراجیکٹ تعطل کا شکار

سڑکوں کی تعمیر ادھوری چھوڑے جانے پر شہریوں میں تشویش، پتھر بچھا کر ڈامر ڈالے بغیر کام چھوڑنے کی شکایات

گرد و غبار اور ٹوٹی پھوٹی سڑکوں نے عوام کی مشکلات بڑھا دیں، سندھ حکومت سے شفاف تحقیقات اور تعمیراتی کام فوری مکمل کرانے کا مطالبہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ شہر میں میگا پراجیکٹ کے تحت سڑکوں کی تعمیر کا کام مبینہ طور پر تعطل کا شکار ہونے اور مختلف مقامات پر تعمیراتی کام ادھورا رہ جانے کے باعث شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے شہر کی سڑکوں کی تعمیر اور بہتری کے لیے شروع کیے گئے منصوبے سے شہریوں کو بڑی امیدیں وابستہ تھیں کہ اس کی تکمیل سے نہ صرف آمد و رفت کی سہولیات بہتر ہوں گی بلکہ طویل عرصے سے درپیش سفری مشکلات اور گرد و غبار سے بھی نجات مل سکے گی، تاہم تعمیراتی کام کی موجودہ صورتِ حال نے شہریوں کی ان امیدوں (بقیہ نمبر 30)

اسلامی یونیورسٹی کے صدر سے جامعہ الغزالی کے چانسلر کی ملاقات

امتِ مسلمہ کے اتحاد و وقار کے لیے مشترکہ کاوشوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے صدر و قائم مقام ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر احمد سعد الاحمد سے جامعہ الغزالی کے چانسلر مفتی عبدالرحیم نے ملاقات کی۔ ملاقات میں قرآن و سنت کی تعلیمات کے فروغ، اسلامی تعلیم و تحقیق اور امتِ مسلمہ کے اتحاد و وقار کے لیے مشترکہ کاوشوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی (بقیہ نمبر 31)



کراچی: پی ای سی سندھ کے وائس چیئرمین انجینئر مختیار شیخ سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے نئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد عامر کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

ایل پی جی کی گراں فروشی ختم نہ ہو سکی، 570 سے 600 روپے کلو تک فروخت جاری

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبہ بھر میں ایل پی جی کی گراں فروشی جاری ہے، مختلف مقامات پر ایل پی جی سرکاری نرخ 294 روپے 73 پیسے فی کلو کی بجائے 570 سے 600 روپے کلو تک فروخت کی جا رہی ہے جبکہ پہاڑی علاقوں میں قیمت 700 روپے کلو تک پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق ایل پی جی کی (بقیہ نمبر 32)

متعدد ادویات کی فروخت کے لائسنس حاصل کرنے کے خلاف انتباہ

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ صحت اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری (آئی سی ٹی) کے فارمیسی سروسز اینڈ ڈرگ کنٹرول ونگ نے فارماسسٹ کو پیشہ وارانہ رجسٹریشن کے خلاف متعدد ادویات کی فروخت کے لائسنس حاصل کرنے یا رکھنے سے خبردار کرتے ہوئے اس عمل کو غیر قانونی اور پیشہ وارانہ طور پر ناقابل قبول قرار دیا ہے۔ محکمہ صحت آئی سی ٹی کے مطابق (بقیہ نمبر 33)

علاقے میں آٹے کی قلت پیدا نہیں ہونے دی جائے گی

انجمن فلور ملز مالکان ایسوسی ایشن کمالیہ کی اسسٹنٹ کمشنر کو یقین دہانی

کمالیہ (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر ارم شہزادی کا فلور ملز کا دورہ، آٹے کے اسٹاک اور نرخوں کا جائزہ اسسٹنٹ کمشنر کمالیہ ارم شہزادی نے شہر کی مختلف فلور ملز کا دورہ کیا اور آٹے کے دستیاب اسٹاک، سپلائی اور مقررہ نرخوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے آٹے (بقیہ نمبر 34)

پی ایم اینڈ ڈی سی نے رجسٹریشن کی 99 فیصد درخواستوں کو نمٹا دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم اینڈ ڈی سی) نے اکتوبر 2026 تک موصول ہونے والی رجسٹریشن کی 304,819 درخواستوں میں سے 302,587 پر کارروائی مکمل کر لی ہے، جو کل کیسز کا تقریباً 99 فیصد ہے۔ پی ایم اینڈ ڈی سی کے مطابق، یہ کامیابی کونسل کی ان کوششوں کی عکاسی کرتی ہے جن کا مقصد (بقیہ نمبر 37)

شورکوٹ میں ٹریفک حادثہ، 2 کمسن بچے جاں بحق

حادثے کے دوران دو بچے ٹریکٹر ٹرالی تلے آ کر موقع پر ہی دم توڑ گئے

شورکوٹ (این این آئی) شورکوٹ کینٹ میں ٹریکٹر ٹرالی، رکشہ اور موٹر سائیکل کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں دو کمسن بچے جاں بحق اور میاں بیوی اور رکشہ ڈرائیور سمیت تین افراد زخمی ہو گئے۔ عینی شاہدین کے مطابق المناک حادثہ شورکوٹ کینٹ میں بیس روڈ کے قریب پیش آیا جہاں ایک ٹریکٹر ٹرالی کو اوور ٹیک کرنے کی کوشش (بقیہ نمبر 35)



تجنبڈی روڈ میں قائم گرین الیکٹرک بس کے لئے بنائے جانے والا اٹاپ عرصہ دراز سے غیر فعال ہونے کے باعث دیہاڑی دار مزدور پڑھے لگائے آرام کر رہے ہیں



امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور سمیت پنجاب بھر میں سردی کا احساس ہونے لگا

کم سے کم درجہ حرارت 19 اور زیادہ سے زیادہ 28 ڈگری تک جانے کا امکان

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں درجہ حرارت کم ہونے سے سردی کا احساس ہونے لگا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور سمیت پنجاب خشک اور قدرے سرد موسم کا سلسلہ جاری ہے تاہم بارش کے امکانات کم ہیں، دن کی نسبت راتیں زیادہ ٹھنڈی ہونے لگی ہیں۔ لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 19 اور زیادہ سے زیادہ 28 ڈگری تک جانے کا امکان (بقیہ نمبر 52)

''ویمن یونیورسٹی ملتان اور ایپ سولوورز کے درمیان معاہدہ

طالبات کیلئے جدید ڈیجیٹل مہارتوں، انٹرن شپ اور روزگار کے نئے مواقع

ملتان (سی ایم لنکس) ویمن یونیورسٹی ملتان اور ایپ سولوورز کے درمیان مفاہمتی یادداشت، طالبات کو آ؟ ئی ٹی شعبے میں تربیت، انٹرن شپ اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے ترجمان کے مطابق ویمن یونیورسٹی ملتان نے طالبات کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور انہیں جدید ٹیکنالوجی کے تقاضوں سے ہم آ؟ ہنگ کرنے کے لیے ملتان کی ٹیکنالوجی فرم ایپ سولوورز (SolversApp) کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر (بقیہ نمبر 54)

5 سالہ بچہ گھر کے قریب کھیلتے ہوئے گندے پانی کے جوہڑ میں گر کر جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) 5 سالہ بچہ گھر کے قریب کھیلتے ہوئے گندے پانی کے جوہڑ میں گر کر جاں بحق ہو گیا جس کی نعش کو برآمد کر کے ضروری کاروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن میں علاقہ مکڑوال کے موضع واڈھا جتانوالہ میں پانچ سالہ معصوم بچہ گھر کے باہر کھیلتے ہوئے پاؤں پھسل جانے سے قریب واقع گندے پانی کے جوہڑ میں گر کر جانبحق ہو گیا جس کے اچانک غائب ہو جانے پر اس کی تلاش میں گمشدہ بچے کی نعش کو (بقیہ نمبر 51)

اٹک، مختلف حادثات اور لڑائی جھگڑوں میں 10 افراد زخمی

اٹک (این این آئی) ضلع اٹک میں ٹریفک حادثے اور دو مختلف مقامات پر گروہوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں مجموعی طور پر 10 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل اٹک میں بیکن ہاس سکول کے قریب ٹریکٹر ٹرالی سے اینٹیں گرنے کے باعث موٹر سائیکل سلپ ہو گئی، جس کے نتیجے میں 45 سالہ عابد، 35 سالہ خاتون اور 10 سالہ بچی زخمی ہو گئے۔ دوسری جانب تحصیل جنڈ کے محلہ گرلز کالج اور ڈنگی ناڑی پھاٹک مری روڈ (بقیہ نمبر 53)

آئی ٹی پی کی طلبا کیلئے 42 روزہ ''لرنرز'' موٹر سائیکل لائسنس فراہمی

ہوم ڈلیوری کی یہ سہولت شہریوں کا وقت بچائے گی اور لائسنسنگ کے عمل کو مزید آسان بنائے گی

موٹر سائیکل یا کوئی بھی گاڑی چلانے سے پہلے اپنا درست ڈرائیونگ لائسنس ضرور حاصل کریں، سی ڈی او کائنات اظہر خان

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) نے کالج اور یونیورسٹی کے طلبا کے لیے ایک خصوصی سہولت متعارف کرائی ہے، جس کے تحت یکم نومبر سے 30 نومبر 2026 تک، 42 روزہ لازمی ''لرنرز'' مدت مکمل کیے بغیر موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ آئی ٹی پی کے حکام کے مطابق، چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) اسلام آباد، کائنات اظہر خان نے کہا ہے کہ اس اقدام کا مقصد وفاقی دارالحکومت بھر کے طلبا کے لیے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے (بقیہ نمبر 55)



راولپنڈی۔ اصغر مال روڈ کنارے کاریگر گھوڑے کے سم لگا رہا ہے

ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب کا کمشنر آفس گوجرانوالہ کا دورہ

حکومتی اقدامات پر مؤثر عملدرآمد اور عوامی ریلیف یقینی بنانے کی ہدایت

گوجرانوالہ (سی ایم لنکس) ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے کمشنر آفس گوجرانوالہ کا دورہ کیا اور ڈویژنل و ضلعی افسران کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ڈویژن بھر میں جاری انتظامی، ترقیاتی اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں (بقیہ نمبر 56)

لاہور آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر براجمان رہا

لاہور، گوجرانوالہ، فیصل آباد سمیت وسطی پنجاب کا فضائی معیار انتہائی مضر صحت قرار

لاہور (این این آئی) تعطیل کے باوجود صوبائی دارالحکومت لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر رہا۔ ایئر کوالٹی انڈیکس کی مجموعی شرح 448 ریکارڈ کی گئی۔ فضائی آلودگی کے اعداد و شمار کے مطابق اقبال ٹاؤن میں اے کیو آئی 617، پیراگون سٹی میں 513 اور ماڈل ٹاؤن میں 453 ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح چمن پارک میں فضائی آلودگی کی شرح 430، برکی روڈ پر 427 جبکہ ڈی ایچ اے فیز فائیو میں اے کیو آئی (بقیہ نمبر 57)

کتے کے کاٹنے سے 4 بچوں سمیت 5 افراد زخمی

حافظ آباد (این این آئی) حافظ آباد میں کتے کے کاٹنے سے 4 بچوں سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق کتے کے کاٹنے کا واقعہ حافظ آباد کے قریب چھنی کرم داد میں پیش آیا۔ بتایا گیا ہے کہ کتے نے گلی سے گزرتے ہوئے بچوں پر حملہ کیا، زخمی ہونے والے 3 بچوں کی حالت تشویشناک ہے۔ ایک بچے اور بزرگ کو ویکسی نیشن کے بعد گھر بھیج دیا گیا ہے۔

3 منزلہ عمارت میں خوفناک آتشزدگی، پوری بلڈنگ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی کے علاقے نیا محلہ میں 3 منزلہ عمارت میں خوفناک آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا جب کہ آگ نے تین منزلہ گھر کی تمام منزلوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ ذرائع نے کہا کہ گھر کو مبینہ غیر قانونی طور پر پلاسٹک کے کھلونوں کے گودام کیلئے استعمال کیا جا رہا تھا، بوسیدہ عمارت کسی بھی وقت منہدم ہونے کا خدشہ ہے۔ ذرائع کے مطابق امدادی کارروائیوں میں مشکلات کا سامنا ہے، ریسکیو کی 8 گاڑیاں آگ بجھانے میں مصروف (بقیہ نمبر 58)



راولپنڈی۔ امرپورہ ٹال پر مزدور بھاری بھرکم فرنیچر میں استعمال ہونے والی لکڑیاں اٹھا رہے ہیں

کندھ کوٹ مبینہ کاروکاری کے الزام پر خاتون قتل

ورثاء کا لاش اور قرآن پاک اٹھا کر ایس ایس پی آفس کے سامنے احتجاج

مقتولہ کے ورثاء کا مبینہ قاتل کی فوری گرفتاری اور مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ

ایس ایچ او رتھانہ سالدار کی یقین دہانی، لواحقین کا احتجاج ختم

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں خواتین کے تحفظ اور مبینہ کاروکاری کے نام پر تشدد کے واقعات کے حوالے سے ایک افسوس ناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں تھانہ رسالدار کی حدود میں واقع گاؤں قدر حسین گولاٹو میں مبینہ کاروکاری کے الزام کے تحت ایک خاتون کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا واقعے کے بعد مقتولہ کے ورثاء میں شدید غم و غصہ پھیل گیا جنہوں نے انصاف کے حصول کے لیے خاتون کی لاش اور قرآن پاک اٹھا کر ایس ایس پی کشمور کے دفتر کے مرکزی گیٹ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور دھرنا دے دیا تفصیلات (بقیہ نمبر 45)

ساہیوال، نوسرباز ریٹائرڈ ہیڈ کلرک، بیوپاری، کاشتکار

واٹر ٹینکی، کار 43 لاکھ 35 ہزار روپے نقدی کا چونا لگا کر فرار ہو گئے

ساہیوال (این این آئی) نوسرباز ریٹائرڈ ہیڈ کلرک، بیوپاری اور کاشتکار سے 43 لاکھ 35 ہزار روپے نقدی واٹر ٹینکی اور کار ہتھیا کر فرار ہو گئے۔ مڈھالی روڈ الرزاق ولاز کالونی میں دو نو سرباز وں محمد ندیم اور محمد شمعون نے ریٹائرڈ محکمہ ہائی وے کے ہیڈ کلرک محمد شریف چیمہ کی واٹر ٹینکی کرایہ مالیت 12 لاکھ روپے لے کر فرار ہو گئے بعد میں اپنے موبائل فون بھی بند کر لیے۔ کپری ہنسیو چوک میں محمد طاہر اصغر بیوپاری کو اسکے دوست صفدر علی نے (بقیہ نمبر 46)



ہمایوں اختر خان حلقہ این اے 97 کے دورہ کے موقع پر اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

ٹرین حادثہ، مختلف واقعات، خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق

شادمان کیمپ جیل کا قیدی ہسپتال میں دوران علاج انتقال کر گیا، لاشیں مردہ خانے منتقل

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں ٹرین حادثے سمیت مختلف واقعات میں خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ شادمان کیمپ جیل میں قید 45 سالہ منور کی طبیعت ناساز ہونے پر اسے ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دوران علاج دم توڑ گیا، متوفی منشیات کے مقدمے میں قید کاٹ رہا تھا۔ دوسری جانب شاہدرہ ٹاؤن ریلوے اسٹیشن کے (بقیہ نمبر 47)



راولپنڈی۔ ڈھوک چوہدریاں اور سکیم تھری کے وسط میں کار چوک میں کار کا ماڈل نصب ہے تقریباً 20 سال قبل مقامی کار ڈیلر ایسوسی ایشن اور کینٹ بورڈ کی انتظامیہ کی جانب سے اسے نصب کیا گیا تھا

پیٹرول کی قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار تبدیل، نیا فارمولا جاری

نیا فارمولا جاری، پیٹرولیم لیوی میں رد و بدل کا فائدہ صرف پیٹرول صارفین کو منتقل کیا جائے گا، رپورٹ

ریفائنریز کو پیٹرول کی روزانہ فروخت کی تفصیلات پیٹرولیم ڈویژن اور اوگرا کو فراہم کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ایران امریکا کشیدگی کے تناظر میں پیٹرول کی قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار تبدیل کر دیا گیا، نئے طریقہ کار کا اطلاق آئندہ 30 روز کیلئے ہوگا۔ ذرائع کے مطابق کابینہ کی منظوری کے بعد پیٹرولیم ڈویژن نے ریفائنریز کو نیا فارمولا جاری کر دیا۔ پیٹرول کی درآمدی قیمت کا تعین پی ایس او کے اصل درآمدی کارگو کی لاگت پر ہوگا جبکہ اصل درآمدی لاگت دستیاب نہ ہونے (بقیہ نمبر 36)

گندم کی کاشت شروع، ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ پر کاشت کا ہدف مقرر

لاہور (این این آئی) پنجاب اور خطہ پوٹھوہار میں گندم کی کاشت شروع ہو گئی ہے، امسال پنجاب میں گندم کی کاشت کا ہدف ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ اور راولپنڈی ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 16 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن کا تصدیق شدہ اور معیاری بیج 800 روپے کی سبسڈی کے بعد 7 ہزار روپے فی بیگ دستیاب ہے۔

مسافر بس کا ٹائر پھٹنے سے بس بے قابو ہو کر دکانوں میں گھس گئی، ڈرائیور جاں بحق

میانوالی (این این آئی) میانوالی - سرگودھا روڈ پر واں بھچراں کے قریب لاہور سے میانوالی آنے والی مسافر بس کا ٹائر پھٹنے سے بس بے قابو ہو کر دکانوں میں گھس گئی، جس کے نتیجہ میں ڈرائیور جاں بحق، جبکہ 7 افراد زخمی ہو گئے، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا، امدادی کاروائیوں میں میانوالی پولیس اور پٹرولنگ پولیس نے بھی حصہ لیا، جہاں بعض زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے۔

خواتین کو بلیک میل اور ہراساں کرنے والے 3 ملزمان گرفتار

ہراسانی کیلئے استعمال ہونے والے موبائل فونز اور متاثرہ خواتین کا نجی ڈیٹا برآمد

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے خواتین کو بلیک میل اور ہراساں کرنے کے الزام میں 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ این سی سی آئی اے نے لاہور کے علاقے انجینئرنگ ٹاؤن سے عارف والا کے رہائشی ایک ملزم کو گرفتار کیا۔ دوسرا ملزم ملتان کی خاتون کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل کر کے ان کی ساکھ متاثر کرنے کے الزام میں لاہور سے گرفتار کیا گیا۔ کارروائی کے دوران وہاڑی کی ایک (بقیہ نمبر 38)

ناراض بیوی کو منانے میں ناکامی پر ملزم کا چھریوں سے حملہ

ماں کو بچاتے ہوئے بچے زخمی ہوئے، طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) نشتر کالونی کے علاقے حاکم چوک کے قریب گھریلو تنازعہ پر ایک شخص نے اپنی بیوی اور چار بچوں کو چھریوں کے وار کر کے زخمی کر دیا جبکہ فرار ہونے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ارشد اپنی ناراض بیوی کو منانے کے لیے سسرال گیا تھا تاہم بیوی نے اس کے ساتھ واپس جانے سے انکار کر دیا۔ اس بات پر ملزم طیش میں آ گیا اور اس نے چھری سے بیوی پر حملہ کر دیا۔ ماں کو بچانے کے لیے بچے (بقیہ نمبر 39)

کمسن بچیوں سے زیادتی کا ملزم مبینہ پولیس مقابلے میں مارا گیا

ملزم 5 اور 6 سالہ تین کمسن بچیوں سے زیادتی کے مقدمات میں جیل جا چکا تھا

وزیر آباد (این این آئی) وزیر آباد تھانہ سوہدرہ کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلے میں ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم جنید وزیر آباد میں 6 سالہ معصوم بچی سمیت متعدد کمسن بچیوں سے زیادتی کے مقدمات میں ملوث تھا جو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کو پوٹینسی ٹیسٹ کے بعد (بقیہ نمبر 40)

غزہ کی تباہی عالمی نظام کے اخلاقی دعوؤں کا امتحان ہے، حافظ نعیم الرحمان

امت مسلمہ کا مستقبل مایوسی و تقسیم کے بجائے علم اور عمل کا راستہ اختیار کرنے والوں سے وابستہ ہے

دنیا کو معاشی ناہمواری، جنگوں اور عالمی قانون کے امتیازی اطلاق جیسے بڑے بحرانوں کا سامنا ہے، استقبالیہ سے خطاب

استنبول (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ غزہ کی تباہی، بھوک اور جبری بے دخلی عالمی نظام کے اخلاقی دعوؤں کا امتحان ہے۔ ترکیہ کے پارلیمنٹیرینز کی جانب سے اپنے اعزاز میں استقبالیے سے خطاب میں حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ دنیا میں طاقت اور وسائل کی نہیں بلکہ اصولی اور دیانت دار قیادت کی کمی ہے، دنیا کو معاشی ناہمواری، جنگوں اور عالمی قانون کے امتیازی اطلاق جیسے بڑے بحرانوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 60)

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے اجتماعی ذمہ داری ناگزیر ہے

برگد کانفرنس میں 236 شرکاء کے خطابات میں مشترکہ ماحولیاتی ذمہ داری نبھانے کا عزم

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن سلمیٰ بٹ، وائس چانسلر یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور پروفیسر ڈاکٹر عاقف انور چوہدری، ڈپٹی سیکرٹری ای پی اینڈ سی سی ڈی عنبرین لطیف، ڈائریکٹر انسانی حقوق محمد یوسف، علامہ اصغر چشتی، ریورنڈ سیموئل پی میسی، پروفیسر اشوک کمار، ڈاکٹر سعدیہ سالار، شازین سعید، طاہرہ جمیل، عبدالوہاب، رمین مشہود، ابوذر مدھو، اسماء عارف، علیزہ عزیز، آئی کین کی سربراہ رابعہ ڈار، وزیراعظم یوتھ پروگرام کے نمائندگان رضوان انور لاور ماہ جبیل، آبرو فاؤنڈیشن کی عیبہ شکیل، ایڈ پرو کنسلٹنٹس کی اقصیٰ ظہور، پیکیجز میں فیم کیئر ایمبر لیس کی سربراہ مارکیٹنگ ثنا فاطمہ اور ممبر کلائمیٹ ایکشن (بقیہ نمبر 59)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

قاضی اشتیاق نائب تحصیلدار پروموٹ، مبارک باد

قاضی اشتیاق کی ترقی پر اہلِ خانہ اور احباب کا اظہارِ مسرت

قاضی اشتیاق کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک باد، نیک تمناؤں کا اظہار

گوجر خان (قمر شہزاد) قاضی رب نواز اور آرمی سولجر بورڈ کے آفیسر صوبیدار قاضی حق نواز کے بھائی گرد آور قاضی اشتیاق کو نائب تحصیلدار کے عہدے پر ترقی ملنے پر عزیز و اقارب اور سماجی حلقوں کی جانب سے دلی مبارک باد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا ہے۔ ان کی ترقی کو پیشہ ورانہ صلاحیتوں، محنت اور لگن کے اعتراف کے طور پر خوش آئند قرار دیا (بقیہ نمبر 48)

ٹک ٹاکر مسٹر پتلو کی محفل سماع و قوالی نائٹ منسوخ

مہندی کی تقریب میں بھگدڑ مچنے سے ایک شخص جاں بحق، 13 افراد شدید زخمی

سیالکوٹ (این این آئی) ضلع سیالکوٹ میں ڈسکہ روڈ پر نجی فنکشن کے دوران ٹک ٹاکر کی محفل سماع و قوالی نائٹ کا پروگرام این او سی کی شرائط کی خلاف ورزی پر شروع ہونے سے قبل ہی منسوخ کر دیا گیا۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق این او سی کی شرائط کے تحت پروگرام کا آغاز نماز عشا کے بعد ہونا طے پایا تھا تاہم آرگنائزرز کی جانب سے مقررہ وقت سے قبل شام تقریباً چار بجے ہی انتظامات میں بے ضابطگیوں کی اطلاعات موصول (بقیہ نمبر 49)

ڈاکٹر پیر سید عبدالقادر جیلانی کا سالانہ عرس منایا گیا

ملک بھر سے جید علماء و مشائخ کی شرکت، دینی و علمی خدمات کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا گیا

ختمِ نبوت کے تحفظ اور دینی خدمات کے حوالے سے آپ کی جدوجہد ناقابلِ فراموش ہے، علماء و مشائخ

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ/عبدالرحمان) آستانہ عالیہ قادریہ جیلانیہ حسینیہ شریف، کھوڑہ روڈ اسلام آباد میں مفکر اسلام ڈاکٹر پیر سید عبدالقادر جیلانیؒ کا سالانہ عرس نہایت عقیدت و احترام سے منایا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک اور نعتِ رسول مقبول ﷺ سے ہوا، جس میں ملک بھر سے جید علماء و مشائخ نے شرکت کی۔ عرس کی صدارت جانشین حضرت پیر سید علی امام جیلانی نے کی۔ تقریب میں آستانہ عالیہ گولڑہ شریف کے پیر سید علی جنید الحق شاہ گیلانی، پیر طریقت سید مظہر حسین شاہ گیلانی، آستانہ عالیہ محدث علی پور شریف کے (بقیہ نمبر 41)

پولیس کے مبینہ تشدد سے شہری جاں بحق، اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ ٹیکسلا کے علاقے میں گانگو چیک پوسٹ پر پولیس عملے کے مبینہ تشدد سے شہری جاں بحق ہو گیا، اے ایس آئی سمیت دو کانسٹیبلوں کے خلاف قتل کرنے کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقدمہ مقتول اکمل خان کے چھوٹے بھائی زاہد خان کی مدعیت میں تشدد و قتل کی دفعہ 302/34 کے تحت درج کیا گیا جس میں اے ایس آئی کاشف اور دو کانسٹیبلوں سہیل اور قدیر پر تشدد و قتل کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ مدعی زاہد خان (بقیہ نمبر 42)



راولپنڈی۔ بنی چوک نوجوان شادی بیاہ میں استعمال ہونے والی پالکی تیار کرنے میں مصروف ہے

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم
پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔ 0309-7900035